اس خانے کا نام بیت القاضی ہے۔ منسوب ہے ساتھ فرح اکبر کے میزان الرمل، آئینہ رمل بھی اسے کہتے ہیں۔ اگر سوال ہو کہ دعویٰ کروں یا نہ کروں۔ اس خانے سے بیان کریں یا اس سے مشورہ کروں یا نہ کروں اس خانہ سے حکم کریں۔ اسکے منسوبات خانہ ہفتم کے مطابق ہیں۔ یہ گواہ ہے، خانہ سوم، ہفتم اور یازدہم کا، کیونکہ یہ خانے آبی ہیں۔ مقدمہ یا مشورہ کرنے کے حالات۔ یہ خانہ برج جوزا کہلاتا ہے۔ اور اسکا ستارہ عطارد ہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DEMO.VERSION of CAD-KAS PDF

زائچہ رمل میں گھروں کے منسوبات

خانہ نمبر ۱۶

بیت الانجام	بیت الانجام	بیت الانجام	بیت الانجام	بیت الانجام

اس خانے کا نام بیت الانجام ہے۔ اسے بیت العاقبت بھی کہتے ہیں۔ ساتھ انجام کاموں کے اور عاقبت کا سب امروں کا یہ کام کروں یا نہ کروں۔ یا جو میرے حق میں بہتر ہو۔ وہ کروں نفع نقصان ہر کام۔ یہ خانہ گواہ ہے۔ چوتھے، آٹھویں اور بارہویں کا یہ خانے خاکی ہیں۔ یہ خانہ برج سرطان کہلاتا ہے۔ اور اسکا ستارہ قمر ہے۔

تالیف: سید حسن الہاشمی (انڈیا)

مشکلات کا روحانی حل

سوالاً۔ جواباً فوٹوسٹیٹ مجلد

تشکیل: محمد عبدالرشید قاسمی لاہور

ایک سو سے زیادہ الجھنوں کا صحیح حل اس ایک کتاب میں موجود ہے

❁ جنات کے اثرات ❁ نظر بندی کے تماشے ❁ عمل برائے اولاد ❁ حصولِ ملازمت ❁ رزق کی فراوانی ❁ ڈر آتا ہے ❁ برائے ذاتی معلومات ❁ چھوٹے قد سے پریشانی ❁ تکلیف کی کیا وجہ ہے؟ ❁ اثراتِ سحر ❁ یا بدروح کے بارے میں ❁ سریانی زبان کے اعمال ❁ جن کی ناراضگی ❁ اسم اعظم کیا ہے؟ ❁ اوپری اثرات کا چکر ❁ ہمزاد سے باتیں کیجیے ❁ دشمن غالب نہ آسکے ❁ ہر بیماری کا نقش ❁ طریقہ آیت الکرسی ❁ رشتے نہیں آتے ❁ یک طرفہ محبت کا روگ ❁ شادی نہ ہونے کا دُکھ ❁ علم نجوم کی جانکاری ❁ برائے تکمیلِ مراد ❁ دشمنوں کی ریشہ دوانیاں ❁ سکونِ قلب کے لئے ❁ مصائب سے حفاظت ❁ روزگار میں اضافہ ❁ بیماریوں کا علاج ❁ روحانی زائچہ کی حقیقت ❁ آگے کی بات بتانے کا گر ❁ رکاوٹوں کا چکر ❁ اعداد نکالنے کی ترکیب ❁ جنات وغیرہ کو تابع کرنا ❁ ہاروت و ماروت کا جادو ❁ آسیبی دُکھ ❁ ستاروں کا اخراج ❁ استخارے کا مطلب ❁ اور دیگر بے شمار اعمال اس کتاب میں موجود ہیں۔

ڈاک خرچ بذمہ خریدار

بڑا سائز قیمت: =/375 روپے

ملنے کا پتہ: کتب خانہ شانِ اسلام

راحت مارکیٹ اُردو بازار لاہور پاکستان

فون 7351120

زائچہ بنانے کا طریقہ

قارئین اب ہم آپ کو زائچہ بنانے کا آسان طریقہ بتاتے ہیں۔ زائچہ بنانے کے دو طریقے ہیں۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ سائل سے ایک سے لیکر 96 تک کوئی سے چار ہندسے لکھوالیئے جائیں۔ یا وہ بولے اور رمال لکھ دے۔ دوسرا طریقہ بذریعہ قرعہ ہے۔ سائل سے قرعہ ڈلوایا جائے۔ میرے نزدیک دونوں طریقے صحیح اور معتبر ہیں۔ لیکن بہتر یہی ہے کہ سائل سے قرعہ ڈلوا کر زائچہ بنایا جائے۔ سب سے پہلے ضرب کا یہ کلیہ یاد رکھیں۔ یہ قانون رمل ہر جگہ ہر قرعہ میں کام آئے گا۔

طریقہ ضرب:

آپس میں ضرب دیتے وقت نقطہ کے مقابل نقطہ آئے تو خط لگائیں یعنی جہاں پر دو فرد آئیں (•x•)=(—) انکی ضرب سے زوج (—) پیدا ہوگی اور اگر زوج کے مقابل زوج آجائے (— x —)=(—) تو انکی ضرب سے زوج (—) ہی آئیگی اور اگر فرد کے مقابلے میں زوج آجائے (•x—)=(•) تو ضرب سے فرد آئیگا۔

فرد×فرد=زوج	(—)=(•x•)
زوج×زوج=زوج	(—)=(— x —)
فرد×زوج=فرد	(•)=(—x•)

مثال: سائل نے قرعہ ڈالا تو یہ نشان ظاہر ہوئے اب اس کا زائچہ کس طرح بنے گا۔ غور سے سمجھیں۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DemoKas.com)



دیکھو پہلے خانے میں دو فرد ہیں۔
انکو زوج لکھیں گے اسکے نیچے ایک فرد ہے۔
اسکو فرد ہی لکھیں گے۔ اسکے نیچے پھر فرد لکھیں
گے پھر اسکے نیچے دو فرد ہیں۔
انکو زوج لکھیں گے۔ لہذا پہلی شکل یہ بنی (∴) دوسرا خانہ دیکھیں۔ پہلے فرد ہے اسکو فرد لکھیں
گے اسکے نیچے دو دو فرد ہیں۔ لہذا ان کو زوج لکھیں گے۔ اب دوسری شکل یہ بنی ہے (≡)
اسی طرح خانہ نمبر ۳ میں پہلے دو فرد ہیں۔ انکو زوج لکھیں گے۔ اسکے بعد نیچے تین جگہ پر فرد
ہیں ان کو فرد ہیں لکھیں گے۔ لہذا تیسری شکل یہ بنی ہے۔ (∵) خانہ چہارم میں پہلے ایک فرد
ہے اسکو فرد لکھیں گے۔ اسکے بعد دو فرد ہیں۔ یہاں پر زوج لکھیں گے۔ اسکے بعد ایک فرد
ہے۔ اسکو فرد لکھیں گے۔ آخر میں پھر دو فرد ہیں۔ اسکو زوج لکھیں گے۔ چوتھی شکل یہ بنی
(÷) اس طرح یہ چار اشکال بنی ہیں۔ (∴ ≡ ∵ ÷)

اب زائچہ اسطرح بنائیں گے۔ کہ ان چار حاصل شدہ اشکال کو بالترتیب زائچہ کے
خانہ ۱، ۲، ۳، ۴ میں لکھیں گے۔

دیکھو زائچہ آپ کے سامنے ہے۔
پہلی چار اشکال کو زائچے کے پہلے چار خانوں میں
ترتیب سے لکھا گیا۔ اب ہم نے پانچویں شکل
بنانی ہے طریقہ اسکا یہ ہے کہ پہلی شکل کو دیکھیں
اس میں آتش کے مقام پر زوج (—) ہے۔
لہذا پہلے زوج کو لکھیں۔ اسکے بعد خانہ نمبر ۲ میں
دوسری شکل کو دیکھیں۔ اس میں آتش کے مقام



پر فرد ہے۔ اب اسکو لکھ لیں خانہ نمبر ۳ میں شکل دیکھیں اس میں آتش کے مقابل زوج ہے اسکو
لکھیں آگے خانہ چہارم میں شکل کو دیکھیں۔ آتش کے مقابل فرد ہے۔ اسکو لکھیں۔ اس طرح
یہ پانچویں شکل (∵) بن گئی اب ہم نے چھٹی شکل بنانی ہے۔ خانہ نمبر ۱ میں پہلی شکل کو
دیکھیں۔ اس میں باد کے مقابل فرد ہے۔ اسکو چھٹے خانے میں لکھیں۔ خانہ دوئم میں دوسری
شکل دیکھیں۔ باد کے مقابل زوج ہے۔ اسکو لکھا خانہ سوئم کو دیکھیں۔ اس میں باد کے مقابل
فرد ہے۔ اسکو لکھیں اور خانہ چہارم میں باد کے مقابل زوج ہے۔ اسکو لکھیں۔ اسطرح یہ ہماری
چھٹی شکل بن گئی۔ اب ہم نے ساتویں شکل بنانی ہے۔ اسکے لئے پھر پہلا خانہ دیکھیں۔ اب
مرتبہ آب کا آئیگا۔ آب کے مقابل فرد ہے۔ اسکو خانہ ہفتم میں لکھیں۔ شکل خانہ نمبر ۲ میں آپ
کے مقابل زوج ہے۔ خانہ نمبر ۳ میں آب کے مقابل فرد ہے۔ اسی طرح خانہ نمبر ۴ میں آب
کے مقابل فرد ہے۔ انکو مندرجہ بالا طریقے سے لکھا تو یہ ہماری ساتویں شکل بن گئی۔ اب ہم
نے آٹھویں شکل بنانی ہے۔ اسکے لئے پھر پہلا خانہ دیکھیں۔ اب مرتبہ خاک کا آئیگا۔ اسمیں
خاک کے مقابل زوج ہے۔ اور خانہ دوئم میں بھی زوج خانہ سوئم میں فرد اور خانہ چہارم میں
زوج ہے۔ انکو خانہ ہشتم میں لکھا تو یہ ہماری آٹھویں شکل بن گئی۔

اب ہم نے نانویں شکل بنانی ہے اس کے لئے ہم خانہ ایک اور خانہ نمبر ۲ کی اشکال
کو ضرب دیں شکل خانہ نمبر ۱ اور دو کی ضرب سے (∴ X ≡) = ⁝ اور ضرب سے شکل
فرح حاصل ہوئی۔ اسکو خانہ دہم میں لکھا۔ اب ہم نے گیارہویں شکل بنانی ہے۔ اسکے بعد ہم
خانہ نمبر ۵ اور چھ کی اشکال کو ضرب دیں گے (∵ X ÷) ضرب سے شکل
طریق (⁝) بنی اسکو خانہ نمبر ۱۱ میں لکھا۔ اب ہم نے بارہویں شکل بنانی ہے اسکے لئے خانہ
نمبر ۷ اور ۸ کی اشکال کو ضرب دیں گے۔ (÷ X ∵) = ≒ شکل عقلہ بنی اسکو خانہ
نمبر ۱۲ میں لکھا۔ اب تیرہویں شکل خانہ نمبر ۹ اور خانہ نمبر ۱۰ کی اشکال کو ضرب سے بنے گئی

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (trial) the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF E

(⁝ X ⁝) = ⁝ نصراۃ الداخل شکل بنی۔ اسکو خانہ نمبر ۱۳ میں لکھا شکل خانہ نمبر ۱۱ اور خانہ نمبر ۱۲ کی اشکال سے شکل نمبر ۱۴ بنے گی (⁝X⁝)=⁝ شکل اجتماع بنی۔ اسکو خانہ نمبر ۱۴ میں لکھا۔ اب شکل نمبر ۱۵ بنانی ہے۔ خانہ نمبر ۱۳ اور خانہ نمبر ۱۴ کی اشکال کو ضرب دیں۔ (⁝ X ⁝) = ⁝ جو کہ قبض الداخل بنی۔ اسکو خانہ نمبر ۱۵ میں لکھا اور آخری سولہویں شکل خانہ نمبر ۱۵ کی شکل اور خانہ اول کی ضرب سے بنے گی (⁝ X ⁝) = ⁝ نصراۃ الداخل شکل بنی اسکو خانہ سولہ میں لکھیں۔ اسطرح اب آپ کا زائچہ مکمل ہو گیا ہے۔

جب آپ بفضل تعلیٰ زائچہ بنا چکیں تو پھر اس پر غور کریں اور اسکی پندرہویں شکل جسکو آئینہ رمل و میزان الرمل کہتے ہیں کو دیکھیں ان (⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝) میں سے کوئی شکل ہو تو زائچہ غلط ہوگا۔ کوئی شکل اور تھی ضرب وغیرہ اور غلطی سے دوسری شکل لکھی گئی۔

ازسرے نو زائچہ کو ملاحظہ کر کے درست کریں اگر پندرھویں خانے میں یہ (⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝) میں سے کوئی شکل آئے تو زائچہ درست اور صحیح ہے۔

مگر جب پندرھویں خانے میں طریق یا جماعت (⁝ ⁝) میں سے کوئی شکل ہو تو زائچہ درست اور صحیح ہوتا ہے۔ مگر علمائے رمل اسکو بند کہتے ہیں۔ اور حکم نہیں لگاتے۔ اس بارے میں عاجز کی جو تحقیق و تجربہ ہے۔ اسکی تفصیل پہلے لکھی جا چکی ہے۔

تکرار اشکال

زائچہ رمل میں کسی شکل کا تکرار یعنی ایک سے زیادہ بار مختلف گھروں میں آنا۔ اور

پھر اسکو پڑھنا ہی اصل راز ہے۔ اس لئے یہ علم اس قدر مشکل ہو گیا ہے۔ مثلاً شکل حمرہ (⁝) جنات سے منسوب ہے۔ اگر یہ شکل خانہ چہارم میں آئے تو جنات سائل کے گھر میں قابض ہیں۔ اگر یہ شکل خانہ نہم میں مکرر ہو۔ تو جنات کے اثرات سائل پر ہیں۔ جو کہ اسکے گھر میں ہیں۔ اگر یہ شکل خانہ ہشتم میں مکرر ہو تو سائل کو ڈر خوف بھی لگتا ہے۔ اور سائل پر ان جنات کی حاضرات بھی ہو سکتی ہے۔

زائچہ رمل کے خانوں کی وضاحت

زائچہ رمل میں سولہ خانے ہوتے ہیں۔ چار چار خانے ہر عنصر سے منسوب ہیں خانہ نمبر ۱، ۵، ۹، ۱۳ آتشی ہیں۔ اور خارج ہیں۔

خانہ نمبر ۲، ۶، ۱۰، ۱۴ بادی ہیں اور منقلب ہیں۔ خانہ نمبر ۳، ۷، ۱۱، ۱۵ آبی ہیں اور داخل ہیں اور خانہ نمبر ۴، ۸، ۱۲، ۱۶ خاکی ہیں۔ اور یہ خانے ثابت ہیں۔ زائچے کے پہلے چار خانوں کو امیات کہتے ہیں۔ اور خانہ ۵، ۶، ۷، ۸ کو نبات کہتے ہیں۔ اور خانہ ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲ کو متولات اور خانہ ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶ کو زوئیدات کہتے ہیں۔

خانہ نمبر ۱، ۴، ۷، ۱۰ اوتاد ہیں یہ خانے نہایت ہی قوی ہوتے ہیں اور انکا تعلق زمانہ حال سے ہے۔

خانہ نمبر ۲، ۵، ۸، ۱۱ مائل اوتاد ہیں۔ اور انکا تعلق زمانہ مستقبل سے ہے۔

خانہ نمبر ۳، ۶، ۹، ۱۲ زائل اوتاد ہیں۔ اور انکا تعلق زمانہ ماضی سے ہے۔

خانہ نمبر ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶ اوتد انونہ ہیں۔ اور انکا تعلق زمانہ حال سے ہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cad-kas.com)

خانہ آتشی خارج اور مذکر ہیں۔ خانہ بادی منقلب اور مذکر ہیں۔ خانہ آبی داخل اور مونث ہیں۔ خانہ خاکی ثابت اور مونث ہیں۔

خانہ ہائے | ۱ | ۴ | ۵ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۳ | سعد ہیں۔

خانہ ہائے | ۳ | ۶ | ۸ | ۱۲ | نحس ہیں۔

خانہ ہائے | ۲ | ۷ | ۹ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | نہ سعد ہیں نہ نحس





اگر کسی سائل سے قرعہ ڈلوانے سے قرعے کے اوپر قرعہ آجائے تو جانو کہ اس وقت سائل کا طالع سخت نحوست میں ہے۔ اور وہ کسی زبردست آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش کا شکار ہے۔ اور کوئی زی روح رمال کو تشخیص کرنے میں رکاوٹ کا باعث بن رہی ہے۔ رمال کو چاہیئے کہ وہ سائل سے دوبارہ ہرگز قرعہ نہ ڈلوائے۔ ورنہ رمال کیلئے کسی مایوسی یا نقصان کا امکان ہے۔





Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDFEditor (http://www.DemoKas.com)

زائچہ رمل میں تکرار اشکال وخانہ مقصد اشکال کا عکس

نحس خانے	۲	۶	۸

ان خانوں میں کسی شکل کا مکرر ہونا۔ حکم عدم حصول پر ہے (ناکامی)

سعد خانے	۱۱	۱۴

ان خانوں میں کسی شکل کا مکرر ہونا دلیل حصول مراد کی ہے۔ (کامیابی)

خانہ مقصد شکل کا عکس

خانے	۳	۶	۸	۱۲

اگر ان خانوں میں عکس ہو تو حکم حصول مراد کا ہے

اگر عکس خانہ ۱۱، ۱۴ میں ہو تو دلیل ناکامی کی ہے۔

اگر سوال وصول کا ہو اور خانہ سوال میں شکل خارج آئے۔ وہ الٹ کر یعنی اس شکل کا عکس خانہ ۱۱، ۱۴ میں ہو تو مطلب ہوتا ہے۔ فی الحال اس کام میں کامیابی نہیں ہے۔ لیکن کسی وقت کامیابی ضرور ہوگی۔ سوال خروج میں حکم اسکے برعکس جانو!۔

دائرہ عکس







Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cad-kas.com)

زائچہ رمل میں مقاصد کے خانے

جب بھی کوئی سائل سوال کرے تو زائچہ رمل میں سب سے پہلے مقاصد کے خانے تلاش کریں۔ کہ سائل کا سوال کا تعلق زائچہ کے کن کن خانوں کے ساتھ ہے۔ کیونکہ ہر سوال کیلئے ایک خانہ نہیں بلکہ کئی خانے ہوتے ہیں۔ جن سے سائل کے سوالوں کا جواب دیا جاتا ہے۔ اسلیئے یہ علم مشکل ہوگیا ہے۔

خانہ ہفتم جو کہ غیب کا خانہ ہے اکثر سوالوں کے تعلق اس خانے کے ساتھ کسی نہ کسی طرح ہوتا ہے۔ مثلاً ایک شخص کا سوال چوری کے متعلق ہے۔ تو اسکے لئے خانہ دوئم سائل کے حال کا خانہ ہے۔ جہاں سے چوری ہوئی ہے۔ اور خانہ ہفتم اس غائب شخص کا خانہ ہے۔ جس نے چوری کی ہے۔

ساتویں خانے سے دوسرا خانہ چور کا مال ہے۔ اس سے تیسرا خانہ چور کی نقل و حرکت اس سے اگلا خانہ چور کا گھر ہے۔ جہاں پر وہ رہتا ہے۔ اس سے اگلا خانہ چور کی اولاد وغیرہ کا ہے۔

ایک سائل کا سوال شادی کے بارے میں ہے۔ شکل خانہ اول سائل خود اور خانہ ہفتم اس غائب عورت کا طالع ہے۔ جس سے کہ سائل شادی کرنا چاہتا ہے۔ ہفتم سے دوسرا خانہ سائل کی ہونے والی بیوی کے مال کا خانہ ہے۔ اس سے اگلا خانہ یعنی ہفتم سے تیسرا اسکے بہن بھائیوں کا ہے۔ اور اس سے اگلا خانہ اسکا گھر ہے۔

ایک سائل کا سوال ہے کہ کیا میرے لیے موجودہ جگہ پر رہنا بہتر ہے یا مقام غیر۔ خانہ چہارم سائل کا موجودہ مقام اور خانہ ہفتم مقام غیر ہے۔ اس سوال کا تعلق بھی خانہ ہفتم کے ساتھ ہے۔ اور خانہ ہفتم مقام غیر ہے جہاں پر کہ سائل جانا چاہتا ہے۔

احکام خانہ دوئم

اس خانے کا تعلق رزق کیساتھ ہے			
غذا	روپیہ پیسہ	مال آمد وخرچ،	مال حرام کا آنا،
مال چوری ہونا،	امانت رکھنا،	قدوم غائب،	دوائے مریض،
سخاوت وبخیل،	قرض دینا،	قرض لینا،	امیری غریبی،
خرید وفروخت،	نفع ونقصان،	طالع فرزند شیر خوار	

چونکہ رزق روپیہ پیسہ وغیرہ غیب سے آتا ہے۔ اس لئے سب سے پہلے غیب کا خانہ دیکھیں۔ جو کہ ساتواں ہے۔ یہ خانہ غیب کا طالع ہے۔ خانہ ہشتم جو کہ اس سے دوسرا خانہ ہے۔ اس خانے کا تعلق مال سے ہے۔

اگر سائل کا سوال خانہ دوئم کے متعلق ہو۔ مثلاً ایک شخص سے قرض لینا چاہتا ہو تو اسکے لئے خانہ دوئم میں اشکال سعد داخل ہونی چاہیے۔ اور خانہ ہشتم میں اشکال سعد خارج ہوں طالب کی سہولت کیلئے نہایت ہی آسان وضاحت کی جارہی ہے۔ دیکھو سائل کے خانہ دوئم میں مال کا آنا ہے اس لئے اس سوال کا تعلق حصول سے ہے اور اس مقصد کیلئے ہمیں ان اشکال کی ضرورت ہے۔ جنکا تعلق حصول یا وصول سے ہو۔ وہ اشکال یہ ہیں ☶ ☵ ☲ ☳ سعد داخل سے جلدی نحس داخل سے بعد از دشواری منقلب سے کام کا ہونا یا نہ ہونا سعد ثابت سے دیر کے بعد کام ہوگا۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDFEditor (http://www.DEMO.VERSION of CAD-KAS PDFE

اس کے بعد دیکھو چونکہ خانہ ہشتم سے مال خارج ہوکر آرہا ہے اس لئے اس خانے میں ہمیں ان اشکال کی ضرورت ہے جن کا تعلق خروج سے ہو۔ وہ اشکال یہ ہیں ⁝ ÷ ⁝ ⁝ سعد خارج سے جلدی نحس خارج سے بعد از دشواری منقلب سے کام کا ہونا یا ہوکر ختم ہوجانا۔

نکتہ:

وہ اشکال جنکا تعلق حصول یا وصول سے ہو اگر انکو الٹ دیا جائے تو یہ اشکال خارج بن جاتی ہیں۔ تفصیل آگے ملاحظہ فرمائیں۔

یہ اشکال اوپر نیچے ایک دوسری کی الٹ ہیں۔

	اشکال	مقاصد
اشکال داخل	⁝ ⁝ ⁝ ÷	حصول یا وصول کیلئے۔ قبضہ مال قرض لینا، شادی ونکاح وغیرہ۔
الٹ دینے سے اشکال خارج بن جاتی ہے۔	⁝ ⁝ ⁝ ÷	خروج کیلئے۔ سفر، بیماری سے صحت پانا، رہائی قیدی وغیرہ۔

ایک شخص سے مال یا قرض لینا چاہتا ہوں۔ کیا وہ دے گا؟

اصول وقواعد:

زائچہ کے خانہ دوئم میں اگر شکل سعد داخل ہو اور خانہ ہشتم میں نحس خارج مجبوراً بے خوشی دے گا۔ اگر خانہ دوئم وہشتم میں اشکال منقلب ہوں تو کچھ دے اور کچھ نہ دے یا دینے سے انکار کردے۔ اگر خانہ دوئم وہشتم دونوں خانے ثابت ہوں تو وعدہ کرے پر وہ نہ دے اس سوال کے جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ دیکھو خانہ نمبر ۲ جو کہ سائل کے مال



کا خانہ ہے۔ شکل سعد داخل آئی ہے۔ جسکا تعلق حصول سے ہے۔ خانہ ہشتم جہاں سے سائل کو مال ملنا ہے۔ شکل نحس خارج آئی ہے جسکا تعلق خروج سے ہے۔ قواعد بالا کے تحت حکم اسکا یہ ہے۔ کہ سائل کو مال مل جائیگا چونکہ شکل خانہ ہشتم نحس خارج ہے۔ اس لئے سائل کو بتایا گیا۔ کہ آپ کا کام ہونے میں کچھ دیر ہوسکتی ہے۔ (واللہ اعلم بالثواب)

ایک سائل نے سوال کیا کہ کیا میرے پاس مال قائم رہے گا؟

اصول وقواعد:

اگر خانہ دوئم میں اشکال سعد ثابت یا داخل آئیں اور تکرار انکا خانہ چہارم، پنجم میں ہو یا اسی حیثیت کی اشکال ان خانوں میں ہوں دلیل مال قائم رہنے کی ہے۔

اگر خانہ چہارم وپنجم میں اشکال سعد داخل یا سعد ثابت کی بجائے سعد خارج ہوں دلیل ہے کہ روپیہ پیسہ سائل کا جائز کاموں میں خرچ ہو اگر خانہ ۴۔۵ میں اشکال نحس خارج ہوں تو حکم اس کے برعکس ہوگا۔ سائل کا روپیہ پیسہ فضول کاموں چوری وغیرہ میں ضائع ہو۔

قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا قواعد مذکورہ کے تحت اس سوال کا حل یہ ہے۔ خانہ دوئم میں اشکال سعد داخل ہے تکرار اسکا خانہ چہارم یا پنجم میں نہیں ہے خانہ چہارم میں شکل نحس خارج اور خانہ پنجم میں منقلب ہے

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cadkas.com)



سائل کو بتایا گیا کہ آپ کے پاس مال قائم نہ رہے گا۔ چوری،۔۔۔۔فضول کاموں میں آپ کا روپیہ پیسہ ضائع ہوگا۔
(واللہ اعلم بالثواب)

ایک سائل نے سوال خرید فروخت کا کیا۔

اصول وقواعد:

اگر کوئی سائل خرید وفروخت کا سوال کرے کہ میرے لئے کوئی چیز خریدنا بہتر ہے یا کہ فروخت کرنا تو اس کے لئے خانہ دوئم اور ہشتم کو دیکھیں اگر ان خانوں میں اشکال سعد منقلب ہوں تو خرید وفروخت دونوں بہتر ہے۔ اگر خانہ دوئم میں اشکال سعد داخل ہوں اور خانہ ہشتم میں سعد خارج ہوں تو خریدنا کسی چیز کا بہتر ہے۔ فروخت نہ کرے۔ اگر خانہ ہشتم میں اشکال سعد داخل ہوں اور خانہ دوئم میں اشکال خارج ہوں تو فروخت کرنا بہتر ہے۔ اور خریدنا بہتر نہیں ہے۔



اس سوال کے جواب کے لئے قرعہ سائل ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ دیکھو خانہ دوئم میں شکل سعد داخل ہے اور خانہ ہشتم میں سعد خارج حکم اس کا یہ ہے کہ سائل کیلئے کوئی چیز خریدنا بہتر ہے۔ (واللہ اعلم بالثواب)

احکام خانہ چہارم

	یہ خانہ منسوب ہے		
گھر	مکان	حویلی	دوکان
موجودہ مقام	دفینہ کا مقام	زمین ومکان کی خرید وفروخت	سعادت نحوست
مکان	حویلی	طالع باپ	عمر سائل
	حوادث ارضی	خزانہ	

ویسے تو رمل کے سارے خانے اہم ہیں لیکن خانہ چہارم نہایت ہی اہم خانہ ہے یہ وہ جگہ ہے جہاں پر سائل رہتا ہے سائل کے مکان، دوکان وغیرہ کی کیفیت دیکھی جاتی ہے کہ وہ کیسا ہے سعد ہے یا کہ نحس؟

خانہ چہارم اور دہم سے سائل کے مکان کے ساتھ آبادی دیکھی جاتی ہے خانہ سوئم اور پنجم سے یہ دیکھا جاتا ہے کہ سائل کے مکان کے آس پاس کس طرح کے لوگ رہتے ہیں یا یہ جگہ کیسی ہے۔

یہ سائل کا موجودہ مقام ہے اگر سائل یہ مکان چھوڑ کر کسی دوسری جگہ پر جانا چاہتا ہو تو یہ دیکھا جاتا ہے کہ موجودہ مقام پر سائل کو فائدہ ہے یا کہ دوسری جگہ پر جا کر اس کے علاوہ نیا مکان بنانا، مکان خریدنا، یا جگہ یا دوکان خریدنا یا فروخت کرنا سائل کی عمر سائل کا باپ سائل کی پہلی بیوی سب کا تعلق اسی خانہ سے ہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDFEditor (http://www.cadkas.com).

سائل نے سوال کیا۔ کیا میرے لئے موجودہ مقام پر رہنا بہتر ہے یا مقام غیر؟

اصول وقواعد:

اگر اشکال اول و چہارم خانہ میں سعد ہوں اور خانہ ہفتم کی شکل نحس ہو تو موجودہ مقام بہتر ہونا ہے اگر خانہ ہفتم میں بھی شکل سعد ہو تو دونوں مقام بہتر ہوتے ہیں۔

اگر خانہ اول و چہارم میں اشکال نحس ہوں اور خانہ ہفتم میں سعد تو سائل کیلئے دیگر مقام بہتر ہوتا ہے۔

اگر خانہ چہارم میں شکل سعد قوی ہو تو مقام موجودہ پر رہ کر کامیابی ہوتی ہے اگر شکل دہم سعد قوی ہو تو مقام دیگر پر رہ کر کامیابی ہوتی ہے۔ اگر دونوں خانوں میں اشکال نحس ہوں تو کسی جگہ پر بھی کامیابی نہیں ہوتی۔

جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔



اس سوال کے تحت یہ زائچہ مرتب ہوا اور قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے۔ سائل کے خانہ چہارم جو کہ سائل کا موجودہ مقام ہے شکل سعد داخل ہے اور خانہ ہفتم میں بھی شکل سعد داخل ہے۔ بیان کیا کہ سائل کیلئے دونوں مقام بہتر ہیں۔

ایک سائل نے سوال کیا کہ میرے مکان کی کیا کیفیت ہے؟

اصول وقواعد:

اگر زائچہ کے خانہ چہارم میں شکل حمرہ ( ) آئے تو وہ آسیبی ہے۔ اگر اجتماع ( ) یا جماعت ( ) آئے تو اس گھر میں جادو سحر کے اثرات ہیں۔ اگر شکل عقلہ ( ) آئے تو قبر اس مکان میں ہے یا قبر کے نزدیک مکان ہو اگر انکیس ( ) آئے تو اس مکان میں دفینہ ہو۔

اگر خانہ چہارم میں یہ اشکال ہوں تو مکان پر از دولت و سعادت ہے۔



جواب کیلئے سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا قواعد بالا کی رو سے اس کا حل جو ہدیہ ناظرین یہ ہے۔ زائچہ کے خانہ چہارم میں شکل حمرہ ( ) آئی ہے جو کہ جنات سے منسوب ہے بیان کیا کہ سائل کا گھر نحس ہے اور یہ مکان ٹھیک نہیں ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ میں ایک مکان خریدنا چاہتا ہوں وہ کیسا ہے؟

اصول وقواعد:

اگر خانہ چہارم میں یہ اشکال آئیں ( ) تو مکان خرید لینا اچھا

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DEMO.VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.Cad-Kas.com)



ہےاور یہ مکان خریدار کے لئے مبارک ہے۔اگر خانہ چہارم میں اجتماع (☶) یا عقبۃ الداخل (☳) اشکال آئیں تو مکان نہ خریدا جائیگا۔ اگر کسی طرح خرید لیا جائے تو جلد فروخت ہو جائے۔

جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا اصول کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا قواعد بالا کے تحت یہ حل پیش کیا جاتا ہے۔زائچہ کے خانہ چہارم میں شکل نصرۃ الداخل آئی ہے۔سائل سے بیان کیا گیا کہ یہ مکان خریدنا نہایت ہی مبارک ہے۔

ایک سائل نے سوال کیا کہ فلاں جگہ نیک ہے یا کہ بد؟

اصول وقواعد:

اگر خانہ چہارم میں یہ اشکال ہوں (☵ ☰ ☶) تو اولاد کی سعادت ہوتی ہے۔اگر اشکال (☰ ☲) ہوں تو وہ جگہ ٹھیک نہیں ہے۔



قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا۔
اس سوال کے تحت جو زائچہ بنا قواعد بالا کے تحت اس کا حل پیش ہے۔زائچہ کے خانہ چہارم میں شکل قبض الداخل (☲) سائل سے بیان کیا کہ وہ جگہ ٹھیک ہے۔

احکام خانہ پنجم

یہ خانہ منسوب ہے		
اولاد	معشوق	عشق ومحبت
حمل	جوا	خط وخبر
آمدن منی آرڈر	وی پی	فالتو آمدنی
	حیض عورت	

سائل نے سوال کیا کہ میرے نصیب میں فرزند ہے یا کہ نہیں؟

اصول وقواعد:

شکل خانہ اول وپنجم کو ضرب دیں اگر نتیجہ سعد داخل آئے۔یا ثابت یا شکل فرح (☵) آئے تو فرزند سائل کے نصیب میں ہے۔

دوسرا طریقہ: اگر خانہ پنجم میں قبض الداخل (☲) یا فرح (☵) یا لیجان (☱) یا جماعت (☰) یا نصرۃ الخارج (☶) یا نقی (☵) یا اجتماع (☳) یا نصرۃ الداخل (☲) یا عقبۃ الداخل (☳) یا بیاض (☲) آئے تو فرزند ہوگا اگر انکے سوا اور شکلیں ہوں تو اول تو فرزند پیدا ہی نہ ہو،اگر ہو تو جلد فوت ہو جائے۔

تیسرا طریقہ: کہ شکل اول کو پنجم میں ضرب دے کر ایک شکل حاصل کریں۔اور آٹھویں کو ساتویں میں ضرب دے کر اگر نتیجہ قبض الداخل (☲) یا نصرۃ الخارج (☶) یا

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cadkas.com).

جماعت (☰) ہے تو دو فرزند ہیں اگر بیاض ہے تو پانچ فرزند ہیں۔ اگر لیجان (☶) یا نصرۃ الداخل (☵) ہے تو تین فرزند، اگر بیاض ہے تو پانچ فرزند، اگر اجتماع (☲) یا جماعت (☰) ہے دو فرزند، اگر حمرہ (☲) یا نقی (☵) اور انکیس (☵) یا عقلہ (☵) تو سات فرزند اگر قبض الخارج (☵) یا عقبۃ الخارج ہے تو بیٹیاں بہت ہوں۔

جواب کیلئے سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کی رو سے اسکا حل ہدیہ ناظرین ہے۔



زائچہ کے خانہ پنجم میں شکل نصرۃ الخارج (☶) ہے۔ شکل خانہ اول و پنجم کو ضرب دیں (☵X☶=☵) شکل قبض الداخل آئی۔ سائل سے بیان کیا گیا۔ کہ آپکے نصیب میں فرزند ہے۔

شکل خانہ اول و پنجم کو ضرب دیا (☵X☶=☵)

شکل خانہ آٹھ و سات کو ضرب دیا (☵X☰=☵X☶=☶) شکل نصرۃ الخارج آئی ہے۔ قواعد بالا کے تحت بیان کیا گیا کہ سائل کے نصیب میں دو فرزند ہیں۔

سائل نے سوال کیا کہ کیا عورت حاملہ ہے یا کہ نہیں؟

اصول و قواعد:

اگر خانہ اول و پنجم میں یہ اشکال ہوں۔ قبض الداخل (☵) عقبۃ الداخل (☳) فرح (☵) نصرۃ الداخل (☵) انکیس (☵) تو حمل ہے۔

اگر جماعت (☰) عتبۃ الخارج (☳) قبض الخارج (☵) نصرۃ الخارج (☶) اور لیجان (☶) ہو تو حمل نہیں ہے۔ اگر حمرہ (☲) طریق (☳) بیاض (☵) اور عقلہ (☵) نقی (☵) تو اسقاط ہو جائیگا۔

اگر انکیس (☵) قبض الخارج (☵) یا اجتماع (☲) ہو تو بچہ نابینا پیدا ہوگا۔

اگر یہ اشکال ۱، ۵، ۴، ۷، ۱۰ میں تکرار کریں تو لڑکا لنگڑا پیدا ہوگا۔

اگر خانہ پنجم میں جماعت ہو (☰) اور خانوں میں تکرار ہو تو لڑکا ہیجڑا پیدا ہوگا۔

اگر نقی (☵) اور جماعت (☰) خانہ ۱، ۵، ۶ میں ہوں تو لڑکا کبڑا پیدا ہوگا۔

جواب کیلئے سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کی رو سے اسکا حل ہدیہ ناظرین ہے۔



دیکھو خانہ اول میں شکل قبض (☵) اور خانہ پنجم میں انکیس (☵) شکل ہے سائل سے بیان کیا گیا کہ عورت حاملہ ہے۔ چونکہ خانہ پنجم میں شکل انکیس (☵) آئی ہے۔ اس لئے سائل کو بتایا گیا کہ لڑکا نابینا پیدا ہوگا۔

سائل نے سوال کیا کہ بچہ آسانی سے پیدا ہوگا یا دشواری سے؟

اصول و قواعد:

خانہ ششم میں اگر شکل سعد خارج یا سعد منقلب آئے تو بچہ آسانی کیساتھ پیدا ہوگا اگر اس خانے میں شکل داخل یا ثابت ہو تو زچہ کی موت کا خوف ہے۔ اگر شکل سعد داخل ہے تو

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cad-kas.com).

بچہ تکلیف سے ہو اور دیر سے پیدا ہو۔



جواب کیلئے سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے۔ خانہ ششم میں شکل سعد خارج ہے۔ سائل سے بیان کیا گیا کہ بچہ آسانی کے ساتھ پیدا ہوگا۔

سائل نے سوال کیا معشوق سے ملاقات ہوگی یا کہ نہیں؟

اصول وقواعد:

شکل خانہ اول و پنجم کو ضرب دیں۔ جو شکل آئے اسکو خانہ چہارم کی شکل سے ضرب دیں۔ اگر نتیجہ سعد داخل ہے تو دلیل ملاقات کی ہے۔ اگر شکل نحس داخل آئے تو ملاقات دشواری سے گی۔



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کی رو سے اسکا حل پیش خدمت ہے۔ اول و پنجم کی ضرب سے شکل بیاض حاصل ہوئی (☰X☰)=☰ اب اسکو خانہ چہارم کی شکل سے ضرب دیا (☰ X ☰ = ☰) عقلہ شکل آئی یہ شکل نحس داخل ہے سائل سے بیان کیا کہ معشوقہ کے ساتھ ملاقات دشواری سے گی۔

سائل نے سوال کیا کہ خوشی کی خبر یا خط آئیگا یا کہ نہیں؟

اصول وقواعد:

اگر خانہ پنجم میں شکل سعد داخل یا سعد ثابت آئے تو خط یا خبر آئے۔ اگر اس خانے میں اشکال نحس خارج یا نحس منقلب ہوں تو خط یا خبر نہ آئے۔



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کی رو سے اسکا حل پیش خدمت ہے۔ شکل خانہ پنجم میں خارج آئی ہے۔ سائل سے بیان کیا کہ خوشی کی خبر یا خط نہ آئیگا۔

سائل نے سوال کیا کہ یہ خبر صحیح ہے یا کہ غلط؟

اصول وقواعد:



اگر خانہ پنجم میں اشکال سعد داخل ہوں تو خبر سچ ہو۔ اگر خانہ پنجم میں اشکال نحس خارج یا نحس منقلب یا نحس ثابت ہوں تو خبر غلط ہے۔

جواب: جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا سوال بالا کا قواعد مذکورہ کے تحت حل یہ ہے۔ شکل خانہ پنجم نحس خارج آئی ہے سائل سے بیان کیا کہ یہ خبر صحیح نہیں ہے۔ غلط ہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cadkas.com)

سائل نے سوال کیا کہ کوئی مہمان میرے پاس آئیگا یا کہ نہیں؟

اصول وقواعد:

اگر خانہ چہارم ونہم میں اشکال سعد داخل ہوں تو مہمان آئیگا۔اور خانہ ہفتم و چہارم میں اسی حیثیت سے ہوں تو بھی مہمان آئیگا۔اگر شکل خانہ چہارم وہفتم امہات میں آئیں تو مہمان نیک ہوتا ہے ورنہ نہیں نتیجہ اضراب خانہ ہفتم وششم کا آتشی ہو یا بادی ہو تو مہمان مقیم نہ رہے آبی خاکی سے قیام کریگا مہمان کی تعداد خانہ ہفتم کی تکرار سے بیان کی جاتی ہے



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا قواعد بالا کی رو سے اسکا حل پیش خدمت ہے۔ اشکال خانہ چہارم وہفتم سعد داخل ہیں۔سائل سے بیان کیا کہ آپ کے ہاں مہمان ضرور آئیگا۔ شکل چہارم وہفتم امہات میں نہیں ہیں حکم اسکا یہ ہے کہ مہمان نیک نہیں ہے۔اضراب خانہ ہفتم وششم (☵X☷=☲) شکل بادی ہے۔ بیان کیا کہ مہمان مقیم نہ رہے۔

سائل نے سوال کیا کہ تحائف بھیجے ہیں پہنچیں گے یا کہ نہیں؟

اصول وقواعد:

اگر خانہ دوئم میں اشکال سعد خارج ہو اور خانہ ہفتم میں داخل تو تحفہ جہاں پر بھیجا

ہے پہنچ جائیگا۔اگر ان خانوں میں اسطرح کی اشکال نہ آئیں تو حکم اسکے برعکس ہوگا۔



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔قواعد بالا کی رو سے اسکا حل پیش خدمت ہے۔شکل خانہ دوئم ثابت اور خانہ ہفتم میں نحس ثابت ہے۔سائل سے بیان کیا کہ آپ نے جو تحفہ بھیجا ہے۔وہ نہ پہنچے گا۔

سائل نے سوال کیا کہ میں کسی جگہ مہمانی میں جانا چاہتا ہوں۔ کیا صورت ہوگی؟

اصول وقواعد:

اگر خانہ ۱،۴،۷،۱۰ میں اشکال سعد ہوں تو مہمان سے خوش ہو ورنہ حکم برعکس درصورت اختلاف اگر اشکال (☶☲☳) ان خانوں میں ہوں تو لڑائی جھگڑا وعداوت کا سامنا مہمانی میں ہو۔



اگر شکل اول ودہم سعد داخل ہو۔ سائل اس مہمانی سے بہ سلامتی تمام واپس آئے۔

قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا۔ قانون بالا کے تحت اس سوال کا حل پیش خدمت ہے۔زائچہ کے خانہ اول میں شکل نحس چہارم میں بھی نحس اور ہفتم میں بھی نحس آئی ہیں۔حکم اسکا یہ

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DemoKas.com)

ہے کہ مہمانی سے خوشی نہ ہو۔ خانہ اول و دہم میں نحس اشکال ہیں۔ بیان کیا گیا کہ لڑائی جھگڑا اور عداوت کا سامنا مہمانی میں ہو اور سائل سلامتی کے ساتھ واپس نہ آئے۔

سائل نے سوال کیا کہ اولاد نہ ہونے کی علت مرد اور عورت دونوں میں کس میں ہے؟

اصول و قواعد:

شکل خانہ اول میں طریق (⁝) ہو تو مرد کی منی میں عیب ہوگا۔

اگر یہ شکل ہفتم میں ہو تو عیب عورت میں ہے۔ اگر (⁝) ہو تو بچہ علیل ہوگا۔ اگر خانہ پنجم میں (⁝) ہو تو عیب عورت میں ہو۔



سائل سے قرعہ ڈلوایا گیا سوال بالا کا قواعد کے تحت یہ حل ہے زائچہ کے اندر خانہ ہفتم میں (⁝) ہے بیان کیا کہ عیب عورت میں ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ ایک جگہ سے آدر تحفہ یا ہدیہ کا انتظار ہے آئیگا یا کہ نہیں؟

اصول و قواعد:

اگر خانہ پنجم میں (⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝) سے کوئی ہو یا خانہ پنجم میں اشکال سعد داخل

ہوں یا تکرار پنجم کی خانہ ۱، ۹، ۱۱، ۱۴ میں ہو تو تحفہ و ہدیہ آتا ہے۔



قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کی رو سے اسکا حل ہدیہ ناظرین ہے۔ زائچہ کے اندر خانہ پنجم شکل (⁝) ہے۔ بیان کیا کہ تحفہ یا ہدیہ آئیگا۔

سائل نے سوال کیا کہ میں امتحان میں پاس ہونگا یا کہ نہیں؟

اصول و قواعد:

خانہ پنجم میں اگر یہ اشکال آئیں (⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝) تو سائل پاس ہو جائیگا۔



نتیجہ اضراب شکل اول و سوم سے (⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝) کوئی شکل آئے تو سائل پاس ہوگا۔ اور (⁝ ⁝) سے پاس تو ہو لیکن شبہ ہوتا ہے۔ (⁝ ⁝) کا بھی یہی حکم ہے۔ یا کسی ایک مضمون میں فیل اور باقی اشکال سے قطعی فیل ہو جائے۔ لیکن (⁝ ⁝ ⁝ ⁝) درجہ اول میں پاس ہو۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF-Editor (http://www.DEMO.VERSION of CAD-KAS PDF-E

(⁝ ≡ ⁝) سے درجہ دوم میں پاس ہو اور باقی اشکال سے درجہ سوم میں یا ناکامی ہوگی۔

جواب: قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ سوال بالا کے قواعد مذکورہ کے تحت حل پیش خدمت ہے۔ زائچہ کے خانہ پنجم میں شکل قبض الداخل (⁝) آئی ہے۔

بیان کیا کہ سائل پاس ہو جائے گا۔ اضراب شکل اول وسوم (⁝ X ⁝ = ⁝) شکل نصرۃ الداخل ہے۔ بیان کیا کہ سائل درجہ اول میں پاس ہوگا۔

سائل نے سوال کیا کہ بچے کو شیر مادر بہتر ہے یا شیر دایہ؟

اصول وقواعد:

شکل اول سعد ہو اور سوم نحس شیر مادر بہتر ہے۔ اگر خانہ ۱، ۳ کی اشکال سعد ہوں تو دونوں بہتر اگر شکل اول نحس ہو تو دایہ کا شیر بہتر ہوتا ہے۔ دوسرا قاعدہ یہ کہ شکل خانہ اول وپنجم کو ضرب دیں۔ اگر شکل سعد ہو تو شیر مادر۔ شکل سوئم وپنجم کو ضرب دیں اگر شکل سعد آئے تو دونوں بہتر۔



جواب: جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ سوال بالا کا قواعد مذکورہ کے تحت حل پیش خدمت ہے۔

خانہ اول میں شکل سعد ہے اور خانہ سوئم میں نحس۔ بیان کیا گیا کہ شیر مادر بہتر ہے اضراب شکل اول وپنجم (⁝ X ⁝ = ⁝)

سے شکل سعد داخل آئی ہے اور اضراب شکل سوئم وپنجم (⁝ X ⁝ = ⁝) سے شکل خارج آئی ہے۔ حکم اسکا یہ ہے کہ شیر مادر بہتر ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ کیا راز پوشیدہ رہیگا یا فاش ہو جائے گا؟

اصول وقواعد:

خانہ ششم راز کے متعلق ہے۔ شکل خانہ ششم داخل کسی حیثیت سے ہو اور اسکی تکرار خانہ اول میں ہو۔ دلیل ہے کہ راز پوشیدہ رہے اگر خانہ ششم میں اشکال داخل یا ثابت ہوں تو یہی حکم ہے۔ اگر اشکال نحس خارج یا نحس منقلب ہوں تو راز فاش ہو جائے گا۔



جواب: جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ قانون بالا کے تحت اس سوال کا حل پیش خدمت ہے۔

خانہ ششم میں شکل خارج آئی ہے بیان کیا کہ یہ راز مخفی نہ رہے گا۔

سائل نے سوال کیا کہ گریختہ اس شہر میں ہے یا کہ چلا گیا؟

اصول وقواعد:

خانہ چہارم ودہم کو دیکھو اگر دونوں داخل یا ثابت ہوں شہر میں ہے اگر ان خانوں میں اس طرح کی اشکال نہ ہوں تو شہر سے چلا گیا ہے۔ اگر (⁝ ≡) ہوں تو دلیل ہے کہ

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DEMO.VERSION of CAD-KAS PDF

اسی جگہ پر کہیں پوشیدہ موجود ہے۔



سوال ہذا کا جواب حاصل کرنے کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ سوال بالا کا قواعد مذکورہ کے تحت حل یہ ہے

اشکال خانہ چہارم ودہم نحس خارج ہیں بیان کیا گیا کہ گریختہ اس شہر سے چلا گیا ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ گریختہ از خود فرار ہو گیا ہے یا کہ کوئی بھگا کر لے گیا ہے؟

اصول وقواعد:

اشکال (☲ ÷) کو دیکھیں اگر وہ زائچہ میں موجود ہوں تو دلیل ہے کہ اغوا سے سے فرار ہوا ہے اگر یہ اشکال زائچے میں نہ ہوں تو خود گیا ہے۔



قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ قواعد بالا کے تحت اس سوال کا حل پیش خدمت ہے۔ زائچہ میں خانہ اول میں (÷) اور خانہ سوئم میں (☲) شکل آئی ہے۔ سائل سے بیان کیا کہ گریختہ اغوا سے فرار ہوا ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ کیا مجھے ملازمت ملے گی یا کہ نہیں؟

اصول وقواعد:

شکل خانہ ششم وخانہ دہم کو ضرب دیں۔ اگر نتیجہ نحس خارج ہو تو ملازمت نہ ملے۔ سعد خارج سے یا سعد داخل سے جلد ملے۔ منقلب سعد سے بیشتر انکار کے بعد ملازمت ملے۔ سعد ثابت سے دیر کے بعد۔ نحس داخل سے نوکر ہو کر برخاست ہو جائے۔ نحس داخل سے امید رکھے تو اسے ملازمت ملے۔



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کی رو سے اسکا حل ہدیہ ناظرین ہے۔ ضرب شکل ششم ودہم کا نتیجہ (☲ X ☲ = ÷) نحس داخل بیان کیا کہ ملازمت مل جائیگی۔ لیکن بعد میں نوکری سے برخاست ہو جائے۔

سائل نے سوال کیا کہ گریختہ اکیلا ہے یا اس کے ہمراہ کوئی آدمی ہے؟

اصول وقواعد:

خانہ پنجم وششم کی اشکال کو دیکھیں اگر اشکال خارج ومنقلب ہوں تو گریختہ اکیلا ہے۔ داخل سے ایک آدمی اسکے ہمراہ ہے۔ ثابت سے بکثرت آدمی اسکے ہمراہ ہیں۔

جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا۔ سوال بالا کا قواعد کے تحت مثالی حل

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (trial) the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF

پیش خدمت ہے۔



دیکھو! خانہ پنجم میں شکل منقلب ہے اور خانہ ششم میں نحس خارج ہے۔ بیان کیا کہ گریختہ اکیلا ہے۔

سائل نے سوال کیا مجھے اس کاروبار میں نفع ہوگا یا نہیں؟

اصول وقواعد:

شکل خانہ اول وششم کو ضرب دیں۔ اور دوسری کو گیارہویں سے ضرب دیں۔ ان دونوں کی ضرب سے نتیجہ اگر سعد آئے تو منافع ہوگا۔ نحس سے نقصان۔



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کی رو سے اسکا حل پیش خدمت ہے۔

شکل خانہ اول وششم کے ضرب کا نتیجہ (∴ X ∵ = ∵) شکل خانہ دوئم وگیارہ کا نتیجہ (∵ X ∴ = ∵ - ∵ = ∴ X ∴) نتیجہ سعد آیا ہے۔ بیان کیا کہ کاروبار میں نفع ہوگا۔

احکام خانہ ہفتم

یہ خانہ منسوب ہے		
شادی	مقدمہ	چوری
مقام غائب حالات پوشیدہ	حالات غائب کے	حالات مخالفین کے
حالات زوجہ کے	آنا یا نہ آنا غائب کا	حالات پردادا
	حلیہ چور	

سائل نے سوال کیا۔ نکاح ہوگا یا کہ نہیں؟

اصول وقواعد:

اشکال خانہ اول وہفتم داخل یا ثابت سوائے حمرہ (∴) کے ہوں نکاح ہو جائیگا۔ شکل ∵ ، ∴ زائچہ میں بخانہ نیک ہوں ناظر طالع کی ہو تو شادی بہت جلد ہو جائے اگر خانہ ہفتم میں اشکال ∴ ∵ ⁞ سے کوئی ہو تو شادی کی رسم انجام نہ پاوے۔ اگر شادی ہو بھی جائے تو عورت مر جائے یا دوبارہ شادی ہو۔

اگر شکل اول وہفتم دونوں مذکر ہوں یا دونوں مونث سازگار یا اتفاق نہ ہو۔ اگر دونوں ایک جنس کی ہوں اولاد پیدا نہ ہو۔

اگر خانہ پنجم شکل نحس ہو شادی ہو جائے لیکن رسوم شادی یا راگ ورنگ انجام نہ پاوے۔ اگر خانہ نہم میں شکل نحس ہو عقد بندی کے دوران گفتگو تنازعہ کی پیش آئے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DemoKas.com)

اگر خانہ اول میں شکل سعد ہفتم میں بھی سعد موافقت رہے۔ اگر شکل چہارم سعد داخل ہے۔ موافقت رہے۔ خانہ اول تا بارہ جس خانے میں شکل نحس منقلب ہوں اس خانے کی منسوبات سے خلل اندازی کا ظہور ہو۔



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جوزائچہ بنا۔ قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش ہے۔

اشکال خانہ اول و ہفتم نحس خارج ہیں بیان کیا کہ سائل کی شادی ہرگز نہ ہو۔ سائل نے شادی نہ ہونیکی وجہ پوچھی۔ اسکے لئے سائل کا گھر دیکھا جو کہ خانہ چہارم ہے۔ شکل ≡ جماعت آئی ہے۔ جسکا تعلق سحر و بندش کے ساتھ ہے۔ بیان کیا کہ گھر میں بندش کی وجہ سے آپ کی شادی نہیں ہوسکتی۔

ایک اور سائل نے سوال کیا کہ نکاح ہوگا یا کہ نہیں؟

اصول و قواعد:



قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ سوال بالا کا قواعد کے تحت مثالی حل پیش خدمت ہے۔ اشکال خانہ اول و ہفتم سعد داخل ہیں۔ اور خانہ پنجم میں شکل نحس ہے۔ بیان کیا کہ سائل کی شادی تو ہو جائے گی۔ لیکن رسوم شادی راگ

ورنگ انجام نہ پاوے۔

اشکال خانہ اول و ہفتم سعد داخل ہیں۔ لیکن شکل چہارم منقلب ہے۔ بیان کیا کہ جزوی موافقت رہے۔ لیکن عورت کا گھر میں قیام نہ ہو۔ کبھی رہے کبھی نہ رہے۔ خانہ اول و ہفتم کی اشکال مونث ہیں۔ یہ دوسری دلیل نا اتفاقی کی ہے چونکہ دونوں اشکال کا تعلق ایک ہی جنس سے ہے۔ اس لئے بیان کیا کہ سائل کی اولاد ہرگز نہ ہو۔ شکل بخانہ سوئم نحس ہے۔

بیان کیا کہ سائل کے بہن بھائی اور عزیز و اقارب اس شادی میں خوش نہیں ہیں۔ اور وہ مخالفت کریں گے۔ اور صورت لڑائی جھگڑے کی پیش آسکتی ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ عورت باکرہ ہے؟

اصول و قواعد:

اگر شکل خانہ ہفتم سعد داخل ہو یا سعد ثابت تکرار اول و چہارم، دہم، دوم و پنجم، ہشتم اور یازدہم میں ہو تو عورت باکرہ ہے۔ اگر برعکس ہو تو عورت باکرہ نہیں۔



اس سوال کے جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ سوال بالا کا حل پیش خدمت ہے۔ شکل بخانہ ہفتم سعد داخل ہے اور اس کا تکرار خانہ پنجم میں ہے۔ بیان کیا گیا کہ عورت باکرہ ہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cadkas.com)

سائل نے سوال کیا۔ عورت جوان ہے یا کہ نہیں؟

اصول وقواعد:

خانہ ہفتم کو دیکھیں۔

اگر	⁝ ⁝ ⁝ ⁝	ہوں جوان ہے۔
اگر	⁝ ⁝	ہوں تو شوہر کر چکی ہے۔
اگر	⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝	ہوں تو عورت بد ہے۔
اگر	⁝ ⁝ ⁝	ہوں تو عورت زانی یعنی خراب ہے۔

شکل داخل وثابت دلیل جوان وبکر کی ہے۔



جواب: قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کی رو سے اسکا حل ہدیہ نظرین ہے۔ خانہ ہفتم میں شکل (⁝) ہے۔ بیان کیا عورت شوہر کر چکی ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ عورت برادری سے ہے یا غیر برادری؟

اصول وقواعد:

شکل ہفتم خانہ دوئم میں مکرر ہو۔ اپنے خاندان کی ۱۳ میں خاندان ننھال۔ اگر خانہ ۱۲، ۱۴، ۱۵، ۱۶ میں مکرر ہو۔ غیر برادری سے۔



جواب: جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت یہ زائچہ مرتب ہوا اور قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے۔ شکل خانہ ہفتم کی تکرار خانہ چودہ میں ہے۔ بیان کیا کہ عورت غیر برادری سے ہے۔

سائل نے سوال کیا زن خوبصورت ہے یا بدصورت؟

اصول وقواعد:

خانہ ہفتم کو دیکھیں اگر اس میں شکل	
آتشی ہو	زن نہایت حسین نازک اندام تند خو چنچل ہو۔
بادی ہو	ملیح اور خوش رنگ
آبی ہو	نہ خوبصورت نہ بدصورت
خاکی ہو	بدصورت بدسلیقہ ڈائن ہو۔



جواب: جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت یہ زائچہ مرتب ہوا۔ اور قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے۔ خانہ ہفتم میں شکل خاکی ہے۔ بیان کیا کہ عورت بدصورت بدسلیقہ ڈائن ہو۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cadkas.com)

سائل نے سوال کیا کہ کیا میری عورت کسی غیر سے محبت و آشنائی رکھتی ہے یا کہ نہیں؟

اصول و قواعد:

اگر شکل ہفتم مکرر خانہ یاز دہم میں ہو۔ دلیل ہے کہ کسی سے محبت و آشنائی رکھتی ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو حکم اسکے برعکس جانو۔



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کی رو سے اسکا حل پیش خدمت ہے۔ شکل خانہ ہفتم کا تکرار خانہ گیارہ میں ہے۔ بیان کیا کہ سائل کی عورت کسی سے محبت و آشنائی رکھتی ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ عورت کیسی ہوگی؟ نیک یا بد؟

اصول و قواعد:

اگر نیک بختی عورت کا سوال ہو تو شکل ۱×۷ سے نتیجہ حاصل کریں۔

ضرب شکل	شکل جوآئے	نتیجہ
۷×۱		نیک بخت، مبارک باحیا ہو، باولاد اور دولت ہوتی ہے۔
۷×۱	جماعت	لڑکیاں زندہ ہوں۔
۷×۱	اجتماع	لڑکے زیادہ ہوں۔
۷×۱		متکبر خود پسند ہو، نیک بخت رہے، حمل اکثر ضائع ہوں۔
۷×۱		تو عورت بدطریق ہے تمسخرا سکے مزاج میں ہوگا نے بجانے میں مصروف رہے گھر گھر ماری پھرے، غیروں سے عشق رکھے۔
۷×۱		شوہر سے لڑا کرے، اور غالب رہے۔
۷×۱		بدصورت شکل بے تمیز بے ہنر ہو۔
۷×۱		دشمن ہو، مگر دشمنی ظاہر نہ ہونے پائے۔
۷×۱		بدکار خاوند کی دشمن ہو۔

اگر خانہ چہارم میں شکل نحس خارج ہو تو عورت پردے میں رہ رہے۔



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کی رو سے اسکا حل پیش خدمت ہے۔ ضرب شکل خانہ اول و ہفتم (☶ X ☵ = ☲) شکل حمرہ آئی ہے۔ بیان کیا کہ عورت شوہر سے لڑا کرے اور خاوند پر غالب رہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DEMO-VERSION of CAD-KAS PDF E

سائل نے سوال کیا کہ کیا میری منکوحہ میری مخالف ہے؟

اصول وقواعد:

شکل خانہ اول وہفتم کو ضرب دو۔ اگر نتیجہ سعد داخل یا سعد ثابت ہو تو موافق ہو۔ اگر نتیجہ نحس داخل یا نحس خارج ہو مخالف ہے۔ نحس ثابت سے بد پر مخالف ہو جائے۔ نحس منقلب سے کبھی موافق رہے۔



جواب: قرعہ سائل کے ہاتھ سیڈ لوایا گیا۔ اس سوال کا قواعد بالا کیتحت حل یہ ہے۔ ضرب شکل اول وہشتم (÷ X ⫟ = ÷) نتیجہ نحس خارج آیا ہے۔ بیان کیا منکوحہ تیری مخالف ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ فلاں شخص سے میری شراکت کیسی رہے گی؟

اصول وقواعد:

ساتویں شکل کو دسویں سے ضرب دیکر ایک شکل حاصل کریں۔ اور آٹھویں کو چھٹی میں ضرب دیں ان دونوں سے نتیجہ پیدا کریں۔ نتیجہ سعد داخل یا ثابت ہو تو شراکت فائدہ مند رہے اور دوستی بھی قائم رہے۔ اگر نحس خارج یا منقلب ہو تو فائدہ مند نہ ہو۔ اگر نتیجہ انکیس ⫶ یا حمرہ ⫟ ہے تو یہ لڑائی جھگڑے اور کاروباری تنازعہ کی دلیل ہے۔



جواب: جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا قواعد مذکورہ بالا کے تحت اس سوال کا حل یہ ہے۔ اضراب شکل خانہ ہفتم ودہم ⫶ X ⫶ = ⫶ اضراب شکل ششم وہشتم ÷ X ⫟ = ⫶ X ⫶ = ⫟ نتیجہ حمرہ آیا ہے بیان کیا کہ یہ شراکت بہتر نہیں ہے۔ لڑائی جھگڑے اور کاروباری تنازعہ کی دلیل ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ دو زن رکھتا ہوں۔ کس کو طلاق دوں؟

اصول وقواعد:

خانہ چہارم زن اول، خانہ ہفتم زن دوم اگر یہ دونوں سعد ہوں تو دونوں سے مراد برآوے جو نحس ہو اس سے نہیں۔ اشکال خارج ہوں دونوں کو طلاق دینا چاہیے۔ جو داخل و ثابت ہوں دونوں ناقابلِ طلاق ہیں۔



جواب: جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ شکل بخانہ چہارم نحس خارج ہے۔ اور شکل بخانہ ہفتم سعد داخل ہے۔ بیان کیا کہ سائل کیلئے دوسری عورت بہتر ہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (trial) the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF

سائلہ نے سوال کیا کہ کیا میرا شوہر دوسری عورت کرے گا۔

اصول وقواعد:

خانہ دوئم کو دیکھو اگر وہ داخل ہے تو دوسری عورت کریگا۔ اور وہ پائیدا ہوگی۔ خارج ہو تو دوسری عورت نہ کریگا، اگر کریگا تو پائیدار نہ ہوگی۔ منقلب ہو تو دوسری عورت کرنے میں بہتر رہے گا۔ ثابت سے بعد دیر اور توقف سے کریگا۔ شکل سعد سے بہ مرضی نحس سے بد دشواری۔



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جوزائچہ بنا۔ قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے۔ شکل بخانہ دوئم سعد داخل ہے۔ بیان کیا گیا کہ آپکا شوہر دوسری عورت کریگا اور وہ پائیدار ہوگی۔

اگر کوئی عورت اپنے مرد کا حال دریافت کرے۔

اصول وقواعد:

اگر اشکال عقلہ ≑ انکیس ≡ خانہ ہفتم میں ہوں اور خانہ یاز دہم نحس کسی حیثیت سے ہو تو دلیل کہ توجہ مرد کی بجانب حرام زیادہ ہے۔ اگر ہفتم سعد ہو اور ہشتم نحس یا ≑ اس میں ہو دلیل ہے کہ اول حرام کاری کرے۔ پھر پرہیزگار ہو جاوے۔ اور جو ہفتم نحس اور ہشتم و سعد ہو تو دلیل ہے کہ اول حلال کی جانب رجوع ہو۔ بعد حرام کرے۔



جواب کیلئے سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جوزائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کی رو سے اسکا حل ہدیہ ناظرین ہے۔ شکل خانہ ہفتم میں انکیس ≡ ہے اور خانہ یاز و دہم میں ⁝ آئی ہے۔ بیان کیا کہ توجہ مرد کی بجانب حرام زیادہ ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ آج کی رات میں نے جماع کیا ہے یا نہیں؟

اصول وقواعد:

اشکال خانہ ہشتم، دوازدہم کو دیکھیں۔ اگر ایک خارج ہے ایک داخل جماع کیا ہے۔ اگر دونوں خارج ہوں نہیں کیا۔ اگر دونوں منقلب ہوں جماع کرنیکی خواہش کی لیکن نہیں ہوا۔ اگر دونوں خانے میں اشکال داخل ہوں۔ بباعث تنگ مزاجی یا نہ ہونے شہوت کے اتفاق جماع نہیں ہوا۔



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جوزائچہ مرتب ہوا قواعد بالا کی رو سے اسکا حل ہدیہ ناظرین ہے۔ اشکال خانہ ہشتم و دوازدہم دونوں خارج ہیں۔ بیان کیا کہ سائل نے جماع نہیں کیا۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DemoKAS.com)

سائل نے سوال کیا کہ دعویٰ دائر کرتا ہوں۔ کس کی فتح ہوگی؟

اصول وقواعد:

ضرب شکل خانہ اول ونہم	=	سائل یا مدعی
ضرب شکل خانہ ہفتم ودہم	=	مدعا علیہ
اگر پہلی شکل سعد قوی ہو	=	مدعی کامیاب ہوگا۔
اگر شکل دوم سعد قوی	=	مدعا علیہ کامیاب ہوگا۔

1. اگر شکل طالع میزان میں آئے تو حاکم مدعی کا طرف دار ہو یا تعاون کرے۔
2. اگر شکل ہفتم خانہ میزان میں آئے تو حاکم کا تعاون مدعا علیہ کے حق میں ہوگا۔



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ ضرب شکل اول ونہم ∴ X ÷ = ÷

(نحس) ضرب شکل ہفتم ودہم ≐ X ÷ = ∓

(سعد)۔ بیان کیا کہ مدعی علیہ کو کامیابی ہوگی شکل ہفتم خانہ میزان میں مکرر ہے بیان کیا کہ حاکم کا تعاون مدعی علیہ کے حق میں ہوگا۔

ایضاً

جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔

قواعد بالا کی رو سے اس سوال کا حل پیش خدمت ہے۔ ضرب شکل اول ونہم ∓ X ∓ = 〓



(نحس) ضرب شکل ہفتم ونہم ≐ X ÷ = ∓

(سعد) چونکہ مدعی علیہ کیلئے نتیجہ سعد ہے۔ مدعی کے حق میں نحس اس لئے بیان کیا کہ مدعی علیہ کو کامیابی ملے گی۔ خانہ میزان میں نہ شکل طالع کا تکرار ہے نہ ہی خانہ ہفتم کا اس لئے بیان کیا کہ حاکم بالکل غیر جانبدار رہے گا۔

سائل نے سوال کیا چوپایہ چوری ہوا ہے یا کہ گم ہو گیا ہے؟

اصول وقواعد:

زائچہ کے خانہ دوازدہم کو دیکھیں۔ اگر اس میں شکل سعد خارج ہو تو دلیل ہے کہ چار پایہ از خود کہیں چلا گیا ہے۔ چوری نہیں کیا گیا۔ اگر شکل نحس خارج ہو تو دلیل ہے کہ چوری ہوا ہے۔ اور ملنا دشوار ہے۔ اگر سعد داخل شکل ہو تو دلیل ہے کہ گم ہو گیا ہے۔ تلاش کرنے سے مل جائے گا۔ اگر شکل ثابت ہو تو دلیل ہے کہ کسی نے باندھ رکھا ہے۔ بروقت کھلنے کے واپس آجائے گا۔ اور شکل منقلب ہو تو دلیل ہے کہ آزاد پھرے۔



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ بنا قواعد بالا کی رو سے اسکا حل پیش خدمت ہے۔ زائچہ کے خانہ دوازدہم میں شکل سعد خارج ہے۔ بیان کیا چوری نہیں ہوا بلکہ از خود کہیں چلا گیا ہے تلاش کرنے سے مل جائے گا۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DemoKas.com)

سائل نے سوال کیا کہ فلاں شخص زندہ ہے یا کہ مردہ؟

ایک اور سائل کا زائچہ ملاحظہ فرمائیں۔ قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔دیکھو زائچہ بند ہے۔حکم اس کا یہ ہے کہ سائل آسیبی اثرات کیوجہ سے بندش کا شکار ہے۔سائل کو اپنے گھر میں سکون نہیں



ہے اور بوجہ تنگ دستی ارادہ سفر کا کرتا ہے۔لیکن دوسری جگہ پر بھی جا کر اسکا دل نہیں لگتا۔سائل کا روزگار بند ہے۔سائل کے گھر میں جنات کے اثرات ہیں۔جسکی وجہ سے بندش ہے۔ سائل کی بیوی بدچلن ہے۔اور کسی غیر مرد سے تعلق رکھتی ہے۔سائل اگر کوئی عمل یا وظیفہ پڑھے گا تو اس کو یقیناً کامیابی ملے گی۔اور سائل پر حاضرات بھی ہوسکتی ہے۔

زائچہ پڑھنے کا طریقہ:

میزان میں شکل جماعت ☰ آئی ہے۔جو کہ بندش سے منسوب ہے۔اشکال اول دوم سوم ☵ ☵ ☵ خارج ہیں انکا تعلق نقل حرکت سے خانہ ششم کا تعلق نوکری روزگار سے ہے۔شکل اجتماع ☲ آئی ہے۔اسکا تعلق بندش اثرات جادو سحر سے ہے۔خانہ ہفتم سائل کی بیوی کا خانہ ہے۔شکل عقلہ ستارہ زحل کی ہے جو کہ بدکرداری سے منسوب ہے۔خانہ گیارہ میں تکرار اس بات کی دلیل ہے۔کہ سائل کی بیوی کسی غیر مرد سے تعلق رکھتی ہے۔خانہ نہم کا تعلق حاضرات سے ہے۔شکل اجتماع کا آنا اس بات کی قوی دلیل ہے کہ سائل پر حاضرات ہوسکتی ہے امید ہے کہ اب قارئین کیلئے زائچہ پڑھنا آسان ہوجائے گا۔

ایک سائلہ نے سوال کیا کہ میرے ڈر خوف کی کیا وجہ ہے؟



قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔اس سوال کے تحت جو زائچہ بنا اسکا حل پیش خدمت ہے۔دیکھو طالع میں شکل اجتماع ☲ آئی ہے جس کا تعلق اثرات سے ہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DEMO.VERSION of CAD-KAS PDF Ed

خانہ ہشتم کا تعلق ڈر خوف سے ہے۔ اس میں شکل حمرہ ☲ ہے جو کہ جنات سے منسوب ہے۔ اب ملاحظہ کرزائچہ اسطرح پڑھیں گے کہ سائلہ کے اوپر جنات کے اثرات ہیں یا سائلہ آسیبی مریضہ ہے جسکی وجہ سے ڈر خوف لگتا ہے۔

نکتہ:

اگر سائلہ کے خانہ نہم میں شکل حمرہ آتی یا شکل طالع کا تکرار خانہ نہم میں ہوتا تو پھر زائچہ اسطرح پڑھتے کہ سائل پر جنات مسلط ہیں اور سائلہ کے کندھے وزنی رہتے ہیں۔ اور اسکو ڈر خوف بھی آتا ہے۔ سائلہ پر ان مسلط شدہ جنات کی حاضرات بھی ہوسکتی ہے۔ وغیرہ۔

سائل نے سوال کیا کہ کیا میرا گھر آسیب زدہ ہے؟



اس سوال کے جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا۔ دیکھو خانہ چہارم جو کہ سائل کا گھر ہے۔ شکل حمرہ آئی ہے۔ جو کہ جنات سے منسوب ہے۔ بیان کیا کہ سائل جس گھر میں رہتا ہے وہ گھر آسیبی ہے اور آپ کے گھر کے دائیں جانب قبرستان ہے اور بائیں طرف سارا آسیبی علاقہ ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ میرا کاروبار بند ہے۔ اسکی کیا وجہ ہے؟

اس سوال کا جواب دینے کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے

تحت جو زائچہ مرتب ہوا قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے۔



دیکھو زائچہ بند ہے۔ حکم اسکا یہ ہے کہ سائل آسیبی اثرات کیوجہ سے بندش کا شکار ہے۔ سائل کے خانہ چہارم میں شکل جماعت ہے۔ تکرار اس شکل کا خانہ ششم میں ہے جو کہ روزگار کا خانہ ہے۔ اس میں شکل جماعت ہے۔ جسکا تعلق بندش سے ہے۔ بیان کیا کہ سائل کا کاروبار آسیبی اثرات کی پیش نظر بند ہے۔ اس زائچہ میں دیکھو خانہ دوازدہم میں شکل اجتماع ☳ آئی ہے حکم اسکا یہ ہے کہ سائل کی بیوی پر آسیبی اثرات ہیں۔



اب سائل کی بیوی کا زائچہ ملاحظہ فرمائیں۔ دیکھو طالع میں شکل حمرہ ☲ ہے۔ حکم اسکا یہ ہے کہ سائلہ پر جنات کے اثرات ہیں۔ خانہ نہم میں شکل طریق..... ہے۔ جسکا تعلق حاضرات کے ساتھ ہے۔ سائلہ کے اوپر ان جنات کے حاضرات ہوسکتی ہے۔ خانہ دوازدہم میں شکل جماعت ☰ ہے۔ حکم اسکا یہ ہے کہ سائلہ کے خاوند پر آسیبی اثرات بیوی کیوجہ سے ہیں۔ اور وہ بندش کا شکار ہے۔

قارئین ایک سائل اور اسکی بیوی کا زائچہ آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ اب سائل نے سوال کیا کہ میرے کاروبار کی بندش کس نے کی ہے۔ یہ نہایت اہم اور مشکل سوال ہے اور تشخیص کا مرحلہ ہے۔ جب تک تشخیص درست نہ ہوگی۔ علاج کارگر نہ ہوگا۔ اس لئے رمال کو تشخیص کے معاملہ میں ماہر ہونا چاہیے۔ کیونکہ میں اکثر لوگوں کو دیکھا ہے کہ وہ ویسے ہی بتا دیتے ہیں کہ جی آپ کے کسی دشمن یا حاسد نے آپ پر کالا علم کیا ہوا ہے یا آپ کے خاندان

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDFEditor (http://www.DEMO.VERSION of CAD-KAS PDFE

میں ایک عورت ہے اس نے کیا ہے۔ اسطرح خواہ مخواہ لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈال کر انکو مزید پریشان کیا جاتا ہے۔ اور پھر بعض خاندانوں میں اسی وجہ سے لڑائی جھگڑے جنم لیتے ہیں۔ جو کہ ایک دوسرے سے علیحدگی کا باعث بنتے ہیں۔

اب ہم نے یہ تشخیص کس طرح کی۔ پہلی دلیل تو یہ کہ سائل کا زائچہ بند ہے۔ بند زائچے کا حکم یہ ہے کہ سائل کسی آسیبی اثرات کے زیر اثر ہے۔ اور اس کی وجہ سے اس کا کاروبار بند ہے۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ سائل کی بیوی کے خانہ ششم میں اجتماع ⁝ شکل آئی ہے۔ حکم اسکا یہ ہے کہ سائل کی بیوی پر اثرات ہیں اور یہ اثرات کس طرح کے۔ اس کے لئے سائل کی بیوی کا زائچہ دیکھیں طالع میں شکل حمرہ ⁝ ہے۔ جسکا تعلق جنات سے ہے۔ اور خانہ نہم میں شکل طریق ⁝ ہے۔ جسکا تعلق حاضرات سے ہے۔ اب حکم اس طرح لگائیں گے کہ سائل کی بیوی پر جنات کے اثرات ہیں۔ اور وہ اسکو نظر بھی آتے ہیں۔

اب دیکھیں سائلہ کے زائچے میں خاوند کے خانہ ششم میں شکل جماعت ≡ آئی ہے۔ جسکا تعلق بندش سے ہے۔ لہذا یہ بندش جنات کیطرف سے ہے۔ جو کہ اسکی بیوی کے ساتھ ہیں۔

سائل نے سوال کیا یہ بندش کیسے ختم ہوگی؟

قارئین کرام اب ہمیں یہ بات تو پتہ چل گئی کہ یہ بندش جنات کیطرف سے ہے۔ جو سائل کی بیوی پر ہیں۔ لہذا سائل پر یہ بندش ہٹانے کیلئے اب ہمیں سائل کی بیوی پر جو

جنات مسلط ہیں۔ اسے ان سے نجات دلانا ہوگی۔ اسکے بعد سائل کی بندش خود بخود ختم ہو جائیگی۔

نکتہ:

دیکھو تشخیص کا مرحلہ کتنا مشکل ہوتا ہے کسی سائل کے مسائل کی وجوہات معلوم کرنا اور پھر اسکا توڑ یقیناً بہت ہی مشکل کام ہے۔ اس سائل کا زائچہ دیکھیں اس میں یہ بات تو ہمیں آسانی سے معلوم ہوگئی کہ سائل آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش کا شکار ہے۔ لیکن یہ بات معلوم کرنا کہ بندش کس نے لگائی یا اس کا توڑ کیسے ہوگا اس میں اگر ہم سائل کی بیوی کے حالات نہ دیکھتے یا اس کا زائچہ نہ لگاتے تو ہمیں کبھی بھی یہ بات پتہ نہ چلتی کہ سائل کی بیوی پر جنات مسلط ہیں۔ اور انھوں نے بندش کی ہوئی ہے۔ نہ ہی تو سائل کی بندش کے وجوہات معلوم ہوتے نہ ہی اسکا توڑ ہوتا۔

نتیجہ یہ نکلتا کہ سائل ساری عمر بندشکا شکار رہتا۔

نوٹ

آسیبی مریضوں کے جو زائچے پیش کیے جا رہے ہیں۔ یہ سب اصل ہیں۔ فرضی نہیں درج بالا جو میاں بیوی کا زائچہ پیش کیا گیا۔ سائلہ کا نام ساجدہ اور سائل کا نام عبدالنعیم ہے۔ جنکا تعلق لاہور سے ہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cadkas.com)

سائل نے سوال کیا میں جو بھی کاروبار کرتا ہوں وہ نہیں چلتا اس کی کیا وجہ ہے؟

اس سوال کا جواب حاصل کرنے کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جوزائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کے تحت اسکا حل ہدیہ ناظرین ہے۔

خانہ ششم کا تعلق نوکری/روزگار وغیرہ سے ہے شکل جماعت آئی ہے تکرار اسکا خانہ نہم میں۔ حکم اسکا یہ ہے کہ سائل کا کاروبار بند ہے۔ اور بندش کے اثرات سائل کے اوپر ہیں۔ یہ بندش کسی نے کی ہے۔ اسکے لئے خانہ چہارم کو دیکھا شکل انکیس آئی ہے۔ جو کہ قبر سے منسوب ہے۔ بیان کیا کہ سائل کے گھر میں کوئی قبر ہے۔ اور سائل اسکی وجہ سے بندش کا شکار ہے۔ سائل کا اپنے بھائی بہنوں سے بھی اختلاف ہے۔ اور سائل کی بیوی بھی بدچلن ہے سائل کا اس سے ہر وقت جھگڑا رہتا ہے۔



سائل نے سوال کیا گھر میں سکون نہیں میرا دل گھر میں نہیں لگتا کیا مجھ پر کسی نے جادو سحر کیا ہوا ہے؟

قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جوزائچہ بنا۔ قواعد بالا کے

تحت اسکا حل پیش خدمت ہے۔ چونکہ سائل کا سوال گھر کے بارے میں ہے اسکے لئے خانہ چہارم کو دیکھا شکل جماعت ☰ آئی ہے یہ شکل بندش سے منسوب ہے۔ بیان کیا کہ سائل کے گھر میں جادو سحر کے اثرات کیوجہ سے بندش ہے۔ اس لیئے سائل کا دل گھر میں نہیں لگتا۔



سائل میں حد درجہ روحانیت پائی جاتی ہے۔ دیکھو شکل طالع کا عکس خانہ چہارم میں ہے یہاں پر یہ شکل آکر مردہ ہوگئی ہے۔ سائل کسی بے احتیاطی کے سبب رجعت کا شکار ہے سائل کی بیوی اور بچوں کو سائے نظر آتے ہیں اور وہ ڈرتے ہیں۔ انکا بھی گھر میں دل نہیں لگتا۔ سائل کی بیوی اور بچوں کے سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں۔ سائل کی بیوی پر حاضرات بھی ہوسکتی ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ میری بیوی بیمار ہے۔ اسکو مرض جسمانی ہے یا کہ روحانی؟

اس سوال کے جواب کے لئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے



تحت جوزائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش کیا جاتا ہے۔ ساتواں خانہ جو کہ سائل کی بیوی کا ہے۔ شکل جماعت ☰ آئی ہے تکرار اسکا خانہ چہارم میں ہے اور خانہ ششم میں شکل حمرہ ☲

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDFEditor (http://www.DemoVersion.com)

آئی ہے۔جسکا تعلق جنات سے ہے۔سائل سے بیان کیا کہ آپ کی بیوی کا مرض جسمانی نہیں روحانی ہے۔اس پر جنات کے اثرات ہیں۔

سائل نے سوال کیا کہ میرا گھر میں سکون نہیں ہے اور مجھے ڈر خوف لگتا ہے۔اس ڈر خوف کی کیا وجہ ہے؟



قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔

سائل کا سوال گھر کے بارے میں ہے خانہ چہارم میں شکل حمرہ ⁝ آئی ہے۔جو کہ جنات سے منسوب ہے۔تکرار اس شکل کا خانہ ہشتم میں ہے۔اس خانے کا تعلق ڈر خوف سے ہے۔بیان کیا کہ آپ کا گھر آسیبی ہے۔جسکی وجہ سے آپ کو ڈر خوف لگتا ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ ہمارے گھر لڑائی جھگڑا ہوتا ہے۔ہر کام میں رکاوٹ ہے۔میری منگنی بھی ٹوٹ گئی ہے۔اسکی کیا وجہ ہے؟



قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔

اس سوال کے تحت جو زائچہ بنا۔قواعد بالا کی رو سے اسکا حل یہ ہے۔سائل کا سوال چونکہ گھر کے متعلق ہے خانہ چہارم میں شکل انکیس ⁝ ہے۔جو کہ قبر

سے منسوب ہے۔سائل کو بتایا گیا کہ آپ جس گھر میں رہتے ہیں۔وہ جگہ ٹھیک نہیں ہے۔آپ کے گھر کے نیچے کوئی قبر یا قبرستان ہے۔جسکی وجہ سے آپ بندش کا شکار ہیں۔سائل نے یہ بات تسلیم کی اور بتایا کہ ہم نے گھر میں ایک جگہ کمرہ تعمیر کیا تھا۔اور دوران کھدائی نیچے ہم نے قبریں دیکھیں ہیں۔سائل کے بھائی بہن بھی پریشان ہیں۔اور وہ سائل سے عداوت بھی رکھتے ہیں۔اور سائل کو دیکھنا بھی گوارہ نہیں کرتے سائل کی شادی میں رکاوٹ ہے۔بات بن کر ختم ہو جاتی ہے۔

کیفیت

مکان، جگہ، دوکان، حویلی، ہوٹل، فیکٹری وغیرہ

اصول و قواعد:

اگر خانہ چہارم میں یہ اشکال ⁝ ⁝ ہوں تو وہ گھر یا جگہ آسیبی ہے۔اور یہ گھر یا جگہ خریدنا منحوس ہے۔

اگر خانہ چہارم میں انکیس ⁝ یا عقلہ ⁝ آئے اس مکان کے نیچے قبر ہے یا قبرستان ہے۔ہماری تحقیق کے مطابق تشخیص اس کی اس طرح ہوگی کہ اگر اس مکان سے سیاہ رنگ کے سانپ نکلتے ہیں یا نظر آ کر غائب ہو جاتے ہوں تو یقیناً اس مکان میں خزانہ مدفون ہے۔اگر سفید رنگ کا سانپ ظاہر ہو تو پھر کسی بزرگ کی قبر ہے اور یہ مکان یا جگہ خریدنا نہایت ہی مبارک ہے۔

اگر خانہ چہارم میں اجتماع ⁝ یا طریق ⁝ آئے تو اس مکان میں کسی زی روح کے اثرات ہیں۔اور وہ جگہ یا گھر بھاری ہے۔یہ گھر خریدنا کسی طرح بھی اچھا نہیں ہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cad-kas.com)

کیوں کہ ایسے مکانوں میں رہنے والوں کی زندگی عذاب بن جاتی ہے۔اور وہ بندش کا شکار ہو جاتے ہیں۔اگر خانہ چہارم میں جماعت ☰ آئے تو جادو سحر کے اثرات اس مکان میں ہیں۔خانہ چہارم کا تعلق سائل کے گھر کے دروازے کے ساتھ ہے۔اور سمت مشرق سے منسوب ہے خانہ سوئم کا تعلق سائل کے گھر سے جنوب کی طرف ہے خانہ پنجم کا تعلق سائل کے گھر سے شمال کی طرف ہے۔خانہ دہم سائل کے مکان کا عقب اور سمت مغرب سے منسوب ہے۔ویسے رمل کے سارے خانے اہم ہیں۔جنکا تفصیل سے ذکر کتاب میں کیا گیا ہے۔لیکن خانہ چہارم نہایت ہی اہم ہے۔جس کا یہاں پر ذکر کیا جارہا ہے۔

یہ وہ جگہ ہے جہاں پر سائل کی سکونت ہے سائل کے مکان دوکان وغیرہ کی کیفیت دیکھی جاتی ہے کہ وہ کیسا ہے سعد ہے یا کہ نحس خانہ چہارم اور دہم سے سائل کے مکان کے ساتھ آبادی دیکھی جاتی ہے۔خانہ سوئم اور پنجم سے یہ دیکھا جاتا ہے کہ سائل کے مکان کے آس پاس کس طرح کے لوگ رہتے ہیں۔یا یہ جگہ کیسی ہے۔

یہ سائل کا موجودہ مقام ہے اگر سائل یہ مکان چھوڑ کر کسی دوسری جگہ یا دوسرے شہر جانا چاہتا ہے تو یہ دیکھا جاتا ہے کہ موجودہ مقام پر سائل کو فائدہ ہے یا کہ دوسری جگہ پر جا

کر فائدہ ہوگا۔اسکے علاوہ نیا مکان خریدنا، یا جگہ یا دوکان خریدنا یا فروخت کرنا، سائل کی عمر سائل کا باپ سائل کی بیوی، سب کا تعلق اسی خانہ سے ہے کہ ہم صرف ان ہی سوالات کا حل پیش کریں گے۔جنکا تعلق بندش، جادو سحر، جنات، اثرات وغیرہ کے ساتھ ہے۔

سائل نے سوال کیا میرے گھر میں سکون نہیں اس کی کیا وجہ ہے؟



اس سوال کے جواب کیلئے سائل کو قرعہ ڈالنے کے لئے کہا گیا۔سوال کا تعلق خانہ چہارم کے ساتھ ہے۔جو کہ سائل کا گھر ہے۔ اس میں شکل اجتماع ☷ آئی ہے۔بیان کیا کہ سائل کا گھر نحس ہے اور کسی زی روح کے آثرات ہیں۔خانہ نہم جس کا تعلق حاضرات کیساتھ ہے۔ اس میں شکل طریق ہے سائل کو بتایا گیا کہ آپ کے اوپر بھی اثرات ہیں اور آپکا سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں اور آپ پر حاضرات بھی ہوسکتیں ہیں۔سائل نے کہا کہ آپ نے جو کچھ بتایا ہے۔یہ باتیں سو فیصدی صحیح ہیں، میں اپنے گھر سے باہر ٹھیک رہتا ہوں جونہی میں اپنے گھر میں داخل ہوتا ہوں تو میرے سر اور کندھے بھاری ہوجاتے ہیں۔

سائل نے سوال کیا کہ ہمارے کام بن کر بگڑ جاتے ہیں۔گھر میں بے سکونی لڑائی جھگڑا رہتا ہے۔کیا ہمارے گھر پر کسی نے کچھ کیا ہوا تو نہیں ہے؟

جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے۔زائچہ کے خانہ چہارم میں شکل

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDFEditor (http://www.DEMO VERSION of CAD-KAS PDFE



انکیس ☰ ہے۔ تکرار اس شکل کا طالع اور خانہ سوئم میں ہے۔ بیان کیا کہ سائل کے گھر میں کوئی قبر ہے جس کی وجہ سے سائل بندش کا شکار ہے۔ سائل کے گھر سے جنوب کیطرف قبرستان ہے۔ اور شمال کی طرف آسیبی علاقہ ہے۔ سائل کا گھر جس جگہ پر ہے یہ جگہ ٹھیک نہیں ہے اس لئے سائل کا گھر نحس ہے۔

سائل نے سوال کیا دوکان پر گاہک نہیں آتے میرا خود بھی اس دوکان پر بیٹھنے کو دل نہیں کرتا۔ جتنی دیر دوکان میں بیٹھتا ہوں سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں؟



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ بنا۔ قواعد بالا کے تحت اس کا حل یہ ہے۔ میزان میں شکل نصرۃ الخارج آئی ہے۔ نقطہ ضمیر کو حرکت دی جو سیر کرتا ہوا خانہ چہارم پر منتہی ہوا۔ سائل کے سوال کا تعلق بھی اسی خانے سے ہے جو کہ دوکان کا خانہ ہے۔ اس میں شکل طریق ہے۔ جسکا تعلق جادو سحر، بندش کیساتھ ہے۔ تکرار اس شکل کا خانہ نہم میں ہے۔ بیان کیا کہ سائل کی دوکان میں جادو سحر کے اثرات ہیں اور وہ بند ہے اور سائل کے اوپر بھی جادو سحر کے اثرات ہیں۔ اسی وجہ سے دوکان میں بیٹھنے کو دل نہیں کرتا۔ اور سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں۔

سائل نے سوال کیا کہ میرے لئے موجودہ مقام پر رہنا بہتر ہے یا کسی دوسری جگہ پر؟

قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے۔



خانہ اول و چہارم کا تعلق موجودہ مقام سے ہے۔ خانہ ہفتم و دہم کا تعلق دوسری جگہ سے ہے۔ جہاں پر سائل جانا چاہتا ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ اگر اشکال خانہ اول و چہارم سعد داخل ہوں اور ہفتم و دہم میں نحس تو موجودہ مقام پر رہنا بہتر ہوتا ہے۔ اس زائچہ میں اشکال اول و چہارم سعد داخل ہیں۔ اور خانہ ہفتم میں نحس خارج اور دہم میں منقلب شکل ہے۔ بیان کیا کہ آپکے لئے موجودہ مقام پر ہی رہنا بہتر ہے۔ اور یہی پر رہ کر آپ کو کامیابی ملے گی۔

سائل نے سوال کیا کہ میرے گھر کا حساب کر کے بتائیں کہ بیوی سے لڑائی جھگڑا اور بندش کاروبار کی کیا وجہ ہے؟



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ خانہ چہارم جو کہ سائل کا گھر ہے۔ شکل عقلہ ⩧ آئی ہے جو کہ قبر سے منسوب ہے۔ بیان کیا کہ سائل کے گھر میں کسی بزرگ کی قبر ہے۔ اور وہ

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DEMO.VERSION of CAD-KAS PDF Editor

کسی بے احتیاطی کے سبب بندش کا شکار ہے۔ خانہ ششم جو کہ روزگار کا خانہ ہے۔ شکل جماعت ☰ آئی ہے جو کہ بندش سے منسوب ہے۔ سائل کے کاروبار میں بندش ہے۔ سائل کے گھر سے جنوب اور شمال کیطرف قبرستان ہے۔ سائل کو اس جگہ سے پرہیز کرنی چاہیے۔ سائل کے بہن بھائیوں کا طالع بھی نحوست میں ہے۔ اور وہ یا سائل ایک دوسرے سے عداوت رکھتے ہیں۔ سائل کے خانہ ہفتم میں شکل لیحان ☲ ہے۔ خانہ ہفتم سائل کی بیوی کا ہے۔ اور لیحان کا تعلق طلاق سے ہے۔ شکل ہفتم کا تکرار خانہ دہم میں ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ بیوی کی طرف سے طلاق کا کیس عدالت میں آسکتا ہے۔

سائلہ نے سوال کیا کہ میری بیماری جسمانی ہے یا کہ روحانی؟

قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جوزائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے۔ دیکھو زائچہ بند ہے۔ بیان کیا کہ سائلہ پر جادو سحر کے اثرات ہیں۔ سائلہ کے طالع میں شکل جماعت ☰ آئی ہے۔ جو کہ جادو سحر بندش سے منسوب ہے۔ یہ دوسری دلیل جادو سحر کی ہے۔ سائلہ کے خانہ چہارم جو کہ سائلہ کا گھر ہے۔ شکل اجتماع ☳ آئی ہے۔ جسکا تعلق جادو سحر کے ساتھ ہے۔ سائلہ پر یہ اثرات گھر سے ہیں۔ سائلہ کو بتایا گیا کہ آپ کی بیماری روحانی ہے۔ جسمانی نہیں ہے۔



سائل نے سوال کیا کہ میرے فرزند کا مرض جسمانی ہے یا کہ نہیں؟

جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ خانہ پنجم جو کہ سائل کے فرزند کا

خانہ ہے۔ شکل جماعت ☰ آئی ہے جو کہ جادو سحر سے منسوب ہے اور خان نہم جو کہ ساتویں سے دسواں خانہ ہے۔ شکل اجتماع ☳ آئی ہے۔ جسکا تعلق حاضرات سے ہے۔ بیان کیا کہ آپ کے فرزند پر کسی زی روح کے اثرات ہیں۔ اور اسکے سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں۔ اور اسے بزرگوں کے روپ میں کچھ لوگ نظر آتے ہیں۔



سائل نے اپنی بیوی کے بارے میں پوچھا کہ اسکی بیماری کا کیا سبب ہے؟

قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جوزائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے۔ خانہ ہفتم سائل کی بیوی کا خانہ ہے۔ اسکے طالع میں شکل حمرہ ☲ ہے۔ تکرار اس شکل کا چہارم و ششم میں ہے۔ خانہ نہم میں جماعت ☰ ہے۔ بیان کیا آپ کی بیوی پر جنات کے اثرات ہیں جو کہ آپ کے گھر میں قابض ہیں۔



نوٹ

اگر آپ کو اس کتاب کے سمجھنے میں کہیں دقت پیش آئے یا کوئی نکتہ سمجھ نہ آئے تو آپ خط لکھ کر پوچھ سکتے ہیں۔ آپ کو اسی وقت جواب دے دیا جائے گا۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DEMO-VERSION of CAD-KAS PDF Editor



عملِ ہمزاد

حصار: حصار کے اندر بیٹھنا ہے۔ ایک قد آدم آئینہ سامنے رکھ کر بیٹھنا ہے جس میں اپنی پوری تصویر آ جائے۔ حصار کے اندر روز تل کے تیل کا دیا جلانا ہے۔ زمین پر بغیر مصلّہ بچھائے بیٹھنا ہے۔ اور وظیفہ پڑھ کر روز ایک چلہ تک وہیں سونا ہے۔

مدت: ایک چلہ ۴۰ روز (چالیس روز)
اپنے نام کے اعداد نکال کر اسی تعداد سے وظیفہ پڑھنا ہے۔

عمل کی شروعات: نوچندی جمعرات سے

وظیفہ: درود شریف اول و آخر ۳×۳ بار
اَعوذُ بکلمات اللہ التامات۔۔۔ مھضرون۔تک

تنبیہ: اس کا موکل بھی ہیبت ناک شکل میں سامنے آتا ہے چلہ کے بعد وہ اپنی اصلی حالت میں حاضر رہیگا۔ بعد ختم وظیفہ چالیسویں دن اس سے قول وقرار لیکر حاضری کا طریقہ دریافت کر کے رخصت کر دیں۔

پرہیز: جلالی و جمالی

انتباہ: آسیبی مریض اس عمل کو ہرگز نہ کریں۔ ورنہ خطرہ عظیم ہوگا۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF-Editor (http://www.cadkas.com).

عمل جنات

حصار:
- چاروں قل شریف — ۳×۳ بار
- آیت الکرسی — ۳ بار
- درود شریف — ۳ بار

مدت: ایک چلہ — ۴۰ دن

عمل کی شروعات: نوچندی جمعرات سے

پرہیز: جلالی و جمالی

وظیفہ: یاشاہِ جلالی بجمال آؤ حاضر کروشے متکلم بشوند

تعداد:
۳۱۲۵ بار (اکتیس سو پچیس بار)
بعد چلہ پوری عمر پڑھنا ہے۔ درود شریف اول و آخر ۳×۳ بار اور شاہِ جلالی بجمال ااؤ حاضر کروشے متکلم بشوند ۳۰۰ بار (تین صد بار)

تنبیہ: اس کا مؤکل بہت ہیبت ناک شکل میں حاضر ہوتا ہے۔ بڑے بڑے سینگ، لمبے لمبے دانت۔ قد آدم سیاہ مائل جسم پر لمبے لمبے بال جس شکل کی تاب ہر انسان کے برداشت سے باہر ہے۔ لہذا وہی شخص اس عمل کیلئے تیار ہوں جو شیر، ہاتھی اور سانپ کو زیر کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔

نوٹ: آسیبی مریض اس عمل کو ہرگز نہ کریں۔ ورنہ خطرہ عظیم ہوگا۔

عمل مؤکل

شروعات: نوچندی جمعرات سے رات کے ۱۲ بجے مصلّہ بچھا کر پہلے دو رکعت نماز پڑھ کر وظیفہ شروع کرنا ہے۔

مدت: ۴۱ روز (اکتالیس روز کا عمل ہے) وظیفہ کی جو تعداد ہے وہ شروع سے آخر تک ایک بار پڑھیں پھر دوسری دفعہ شروع سے پڑھیں پھر تیسری دفعہ شروع سے پڑھیں پڑھتے پڑھتے بلا تعداد فجر کی اذان ہو جائے اس میں دو طرح کا وظیفہ ہے۔ نمبر ا کو ۳۵ دنوں تک پڑھنا ہے۔ پھر ۳۵ ویں دن سے نمبر ا وظیفہ پڑھتے پڑھتے فجر سے پہلے چھوڑ دیں۔ اور نمبر ۲ وظیفہ ۱۰۰ بار (سو بار) پڑھتے پڑھتے فجر کی اذان ہو جائے۔ چراغ روز جلانا ہے۔ اور ساتھ ساتھ اگربتی بھی۔

پرہیز: جماع، ۔۔۔، گوشت، انڈا، مچھلی، کچا پیاز، وغیرہ

وظیفہ نمبر ا:
- پوری سورہ قل ہو اللہ ۔۔۔ ۱۱ بار (گیارہ)
- پوری سورہ الحمد شریف ۔۔۔ ۷ بار (سات)
- پوری سورۃ والعصر ۔۔۔۔ ۳ بار (تین)

وظیفہ نمبر ۲: ۳۵ ویں دن سے ملانا ہے۔ آخر میں شیخ صدو آسیہ کے لاڈلے مدھ کے فوجدار ہاتھ کھڑکا کمر زنجیر جھومتا آؤ شیخ صدو پیر۔ ۱۰۰ بار (سو بار)

تنبیہ: دیوار پھٹے گی۔ بہت ہیبتناک شکل میں اسکا مؤکل ہاتھ میں زنجیر لیے آئیگا۔ لہذا دل و دماغ مضبوط رکھنا ہے۔ اور وظیفہ مکمل کر کے اس سے ہمکلام ہو کر قول قرار کے بعد حاضر ہونے کی ترکیب پوچھ کر رخصت کر دینا ہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DEMO.VERSION of CAD-KAS.PDF.E

زیارت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

درود شریف
اول و آخر ۳×۳ بار

الحمد شریف پوری
۷ بار (سات بار)

وظیفہ:

یا علیم علمنی یا خبیر اخبرنی

۲۵ بار (پچیس بار) مسلسل ۳ شب تک با۔۔۔ تنہا بستر پر پڑھ کو سو جانا ہے۔ انشاء اللہ زیارت نصیب ہوگی۔

برائے حُب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فسیکفکھم اللہ و ھوالسمیع العلیم (پارہ اول آخری رکوع)

یحبو نھم کحب اللہ والذین امنواشدحبا (دوسرا پارہ)

یاجبرائیل — یامیکائیل

یا وَدُود	یا وَدُود	یا وَدُود	یا وَدُود
یا وَدُود	یا وَدُود	یا وَدُود	یا وَدُود
یا وَدُود	یا وَدُود	یا وَدُود	یا وَدُود
یا وَدُود	یا وَدُود	یا وَدُود	یا وَدُود

یااسرائیل — یاعزرائیل

(فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں)

ترکیب:

نوچندی جمعرات کو روزانہ ۴۱ عدد نقش زعفران سے لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں ۴۱ دن کا چلہ ہے بعد میں جس مقصد کے لئے چاہیں نقش لکھیں بطور مداوت ۳ عدد نقش روزانہ لکھنے ہوں گے اور یہ بھی دریا میں ڈال دیا کریں۔ وقت مقررہ پر نقش لکھیں۔

بندش کھولنے کا مجرب عمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ جیسے بادشاہ محمدؐ جیسے وزیر
حضرت خواجہ حضرت جیسے دلبند دستگیر جیسے پیر
ہٹ کھلے، دوکان کھلے، چار کوٹ کا راہ کھلے
دوہائی حضرت خضرؑ دی دوہائی مہتر الیاس

ترکیب:

چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پلائیں۔ تو بندھا ہوا مرد، عورت کھل جائیگا۔ اگر دوکان کھولنی ہو تو پانی دوکان پر چھڑکے تو دوکان کھل جائیگی غرض جو بھی چیز بند ہو وہ کھل جائیگی۔

نوٹ:

تمام اعمال کرنے سے قبل مجھ سے اجازت لے لیں۔ تاکہ رجعت سے آپ محفوظ رہیں۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDFEditor (http://www.DemoVersion.com)

مخصوص جگہ پر شادی کیلئے

اگر کوئی شخص کسی مخصوص جگہ پر شادی کرنا چاہے یا کسی کو کوئی رشتہ نہ دیتا و یا رشتہ کی کوئی سبیل پیدا نہ ہوتی یا کسی لڑکی کا نکاح باندھ دیا گیا ہو اور اسے کوئی لینے کیلئے تیار نہ ہو تو اس وقت یہ عمل ایک کرامت کا کام دیتا ہے۔

یہ عمل بہت ہی مجرب ہے۔ چند دنوں میں کام دکھاتا ہے۔

عمل یہ ہے

سبحن الذی خلق الازواج کلهاممما تنبت لارض و من انفسهم و مما لا یعلمون (سورۃ یاسین ۳۵)

ترکیب:

نوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء تین ہزار تین سو تیرہ (۳۳۱۳) مرتبہ ۲۱ روز تک پڑھیں۔ اول و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں دوران عمل مطلوب کا تصور رکھیں۔

برائے حب

نوچندی جمعرات بعد از نماز فجر ۴۱ عدد سیاہ مرچوں پر تین تین مرتبہ پڑھنے کے بعد یہ کہیں۔

الحب فلاں بنت فلاں علی حب وعشق والفت فلاں بن فلاں العجل والوحا، الیوم، الساعۃ

پڑھ کر آگ میں ڈال دیں۔

نوٹ: صرف تین دن کا عمل ہے یہ اپنی گواہی خود دیگا۔

نقش بسم اللہ

زکواۃ کی خاص ترکیب:

۷۸۶

۴ ۲۶۱	۹ ۲۶۶	۲ ۲۵۹
۳ ۲۶۰	۵ ۲۶۲	۷ ۲۶۴
۸ ۲۶۵	۱ ۲۵۸	۶ ۲۶۳

الٰہی بحرمت کھیعص حمسق

ترکیب: ۱۵۱۴ نقش عروج ماہ میں لکھیں۔ اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ نقش کی زکواۃ ایک نشست میں بھی دے سکتے ہیں۔ یا جتنے دنوں میں چاہیں لکھ سکتے ہیں۔ بعد از زکواۃ ہر مقصد کیلئے لکھ کر دے سکتے ہیں۔ گولی کیطرح کام کریگا۔

نقش برائے حب

۷۸۶

۶ ۳۰	۱ ۲۵	۸ ۳۲
۷ ۳۱	۵ ۲۹	۳ ۲۷
۲ ۲۶	۹ ۳۳	۴ ۲۸

ترکیب زکواۃ: نوچندی جمعرات سے ۸۷ نقش روزانہ ۱۱ یوم تک زعفران سے لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں نقوش کو روزانہ وقت مقررہ پر لکھیں اور باطہارت لکھیں۔ بعد از زکواۃ حسب قاعدہ عمل میں لائیں

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DemoKas.com)

استخارہ:

نوچندی بدھ سے شروع کریں۔یعنی منگل کا دن ہواور بدھ کی رات ہولگاتار تین دن یعنی شب جمعۃ تک کریں۔اور جس بزرگ سے ملاقات کرکے مسائل دریافت کرنے ہوں۔اسکی روح مبارک کوبخش دیں۔تین دن میں استخارہ کھل جائیگا۔اگرنہ کھلےتواگلے ہفتے سے پھراسطرح پڑھیں۔انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

ترکیب: اول وآخر۱۰۰بار درودشریف اورسورہ اخلاص۳۰۰بار پڑھ کراسکا ثواب روح کوبخش دیں۔یہ عمل عشاء کی نماز کے وتر سے پہلے پڑھیں۔بعد میں نماز پوری کرلیں۔

استخارہ:

دورکعت نمازنفل پڑھیں اگربتی سلگائیں۔گیارہ مرتبہ درودشریف گیارہ مرتبہ سورۃ کوثر،گیارہ مرتبہ سورۃ الضحی پھرگیارہ مرتبہ درودشریف اسکا ثواب غوث الاعظم دستگیر کی روح کو پہنچاہیں۔اسکے بعد۳۶۰ مرتبہ یہ عمل پڑھیں۔انشاءاللہ پہلے ہی دن تمام حالات معلوم ہونگے ورنہ زیادہ سے زیادہ تین دن میں حال معلوم ہوگا۔عمل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا رشید ارشدنی یا علیم علیمی من اسرارالغیب

برائے زبان بندی

۷۸۶

۱۶۵۴	۱۶۸۹	۱۶۵۲
۱۶۵۳	۱۶۵۵	۱۶۵۷
۱۶۵۸	۱۶۵۱	۱۶۵۶

بستم زبان عقل و ہوش فلاں بن فلاں
فی غرض و حق فلاں بن فلاں

ترکیب: تین عدد نقش لکھو!دوخاکی ایک آبی چال سے آبی نقش کومچھلی کے منہ میں رکھ کر بہتے پانی میں ڈال دیں۔خاکی نقش کوایک قبرستان میں دفن کردو۔ایک کووزنی پتھر کے نیچے دبادیں۔

ایضاً: یہ طلسم لکھ کر بہتے پانی کے کنارے دفن کردیں فوراًزبان بندہوجائیگی۔

طلسم یہ ہے

دولاء اوالاعہ
۹۹۹۱عہ عہ الاوِالہ۹

بستم زبان فلاں بن فلاں

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DEMO.VERSION) of CAD-KAS PDF

برائے حُب

نوچندی جمعرات کو بعد از نماز فجر ۴۱ عدد سیاہ مرچوں پر تین تین مرتبہ سورۂ زلزال (پارہ ۳۰) پڑھیں۔ ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد یہ کہیں۔

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب وعشق والفت فلاں بن فلاں العجل ' الوحا الیوم الساعۃ پڑھ کر دم کریں اور آگ میں ڈال دیں۔ صرف تین دن کا عمل ہے یہ اپنی گواہی خود دے گا۔

برائے حُب

آفتاب جب بُرج میں آئے تو چہار شنبہ کے روز بعد طلوع آفتاب اسم طالب ومطلوب معہ مادران کے اعداد بحساب ابجد حاصل کریں۔ آپس میں تمام جمع کریں اور ۱۴۰۰ اُن اعداد میں زیادہ کر کے حسبِ طریق نقش مربع آتشی چال سے پُر کریں۔ نقش پُر کرتے وقت اگربتی سلگائیں اور فلفل اور جوز ابوا کا بخور روشن کریں۔

نقش اپنے گھر میں لٹکائیں۔ مطلوب آناً فاناً حاضر ہوگا۔ یہ نقش ہر مزاج والے مطلوب پر کام کرتا ہے۔

برائے حب

بحق یا جبرائیل یا بدوح

بحق یا عزرائیل بحق یا وھاب

۹۵۹	۹۶۲	۹۶۵	۹۵۱
۹۶۴	۹۵۲	۹۵۸	۹۶۳
۹۵۳	۹۶۷	۹۶۰	۹۵۷
۹۶۱	۹۵۶	۹۵۴	۹۶۶

بحق یا اسرافیل یا علی

بحق یا میکائیل بحق یا ودود

الحب فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں

ترکیب زکواۃ:

نوچندی جمعرات سے زکواۃ شروع کریں۔ ۱۱۰ مرتبہ روزانہ ۲۱ یوم تک نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا/نہر/کنویں میں ڈال دیں۔ ۲۱ یوم کے بعد ۱۱۰ کی بجائے ۱۱۱ نقش تحریر کریں اور ایک نقش اپنے گلے یا بازو پر باندھ دیں۔ جب تک یہ نقش آپ کے پاس رہیگا۔ حب کی تاثیر جاری رہے گی۔

جن دو افراد کے درمیان محبت (جائز) کرانی ہو۔ ۲ عدد نقش تحریر کریں ایک طالب کے بازو پر باندھ دیں دوسرا کسی بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں۔ پھر اسکی تاثیر دیکھیں۔ انشاءاللہ تین تا پانچ یوم میں دشمن بھی دوست ہو جائیں گے۔

ایک ضروری نوٹ:

قارئین کرام سے گزارش ہے کہ مندرجہ بالا مضمون چونکہ کتاب کی تعارفی حیثیت سے لکھا گیا ہے۔ اس لئے اس میں عملیات سے متعلقہ ضروری شرائط اور کوائف کا ذکر نہیں ہے لہذا کتاب کا مطالعہ ضرور فرمائیں۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cadkas.com)

فالنامہ جفر

یہ فالنامہ جفر سے تیار کیا گیا ہے۔ جو اپنے اندر حیران کن احکام رکھتا ہے۔ پاک صاف ہوکر سچے دل سے خدا کا نام لیکر اپنا سوال دل میں دہرا کر انگلی شہادت کسی خانہ پر رکھو جواب صحیح ملے گا۔

طی:	جس کام میں کوشاں ہو وہ تمہارے دل کے مطابق ہوگا مگر ابھی کچھ دیر لگے گی۔
کل:	تمہاری مراد حسب منشا پوری ہوگی۔ مگر دیر کے بعد کوشش کرو۔ اور جس آدمی کو تم نے راز داں بنایا ہے۔ اس سے اپنا بھید چھپاؤ۔
طک:	سفر میں کامیابی تو ضرور ہوگی مگر حسب منشاء نہیں۔
یل:	ایک خاص آدمی سے معاملہ میں رکاوٹ پیدا کر رہا ہے۔ اسکا تدارک کرو تو کامیابی ہوگی۔
کط:	اس ارادہ میں نقصان ہوگا۔ فی الحال ترک کرو۔ البتہ ایک مہینہ کے بعد سعی کرو گے۔ تو کچھ کامیابی ہوگی۔
لی:	ملاقات ہونا ذرا مشکل ہے۔ دوسری طرف خیالات تبدیل ہیں۔
لک:	اس معاملہ میں زیادہ خطرہ ہے۔ مگر کوشش کرو شاید کامیابی ہو جائے۔
لط:	بے شک کام شروع کرو۔ ہر طریقہ سے کامیابی ہوگی۔

فالنامہ رمل

یہ فالنامہ نہایت ہی معتبر و صحیح ہے۔ عاجز نے خود اسکو ترتیب دیا ہے۔ ہر سوال کا جواب صحیح اور درست ملتا ہے۔ یقین اور عقیدہ شرط ہے۔ باوضو پاک صاف ہوکر اول سوال کی نیت کرے۔ اور بسم اللہ پڑھ کر اس دائرے پر انگشت شہادت رکھے۔ جس شکل پر انگلی پڑھے۔ اس کا نتیجہ ذیل سے معلوم کرے۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصدی درست ملے گا۔



اے صاحب فال تیری فال نہایت ہی مبارک ہے۔ اگر تو ارادہ سفر کا رکھتا ہے۔ تو سفر ضرور ہوگا اگر کوئی کام شروع کرنیکا ارادہ ہے تو اسکا انجام اچھا ہے۔ اگر قیدی کے بارے میں فال دیکھی ہے تو اسکو رہائی ملے گی۔ اگر بیمار کے واسطے فال دیکھی ہے تو اسکو انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ اگر تو مال کی خواہش رکھتا ہے۔ تو مال دستیاب نہ ہوگا۔

اے صاحب فال تیری یہ فال اچھی نہیں ہے۔ تو جو ارادہ کرے وہ کبھی پورا نہ ہو۔ اگر مال کا سوال ہے مال حرام کا آئیگا۔ اور چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ اور کسی سے لڑائی جھگڑے کا امکان ہے۔ اگر مریض کے بارے میں فال دیکھی ہے تو اسکو آسیبی مرض ہے۔ اور اسکو موت کا خطرہ ہے۔ اگر تو ارادہ سفر کا کرتا ہے۔ تو سفر ہرگز نہ ہوگا۔ اگر دشمنوں کے بارے میں فال دیکھی ہے۔ تو ان سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ اگر تو اپنے گھر کے بارے میں پوچھتا ہے۔ تو تیرا گھر آسیبی ہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDFEditor(http://www.cadkas.com).

اے صاحب فال تیری یہ فال بہت ہی اچھی ہے۔ اگر تو ارادہ سفر کا کرتا ہے تو سفر مشرق کی طرف ہوگا اور تجھے فائدہ ہوگا۔ اگر تو بیمار کے بارے میں پوچھتا ہے تو بیمار کو بیماری سے شفاء ملے گی۔ اگر یہ فال کسی چیز کے حصول کے بارے میں دیکھی ہے تو وہ چیز میسر نہ ہوگی۔ اگر تو مال کی خواہش رکھتا ہے۔ تو مال دستیاب نہ ہوگا اگر یہ فال قیدی کے بارے میں دیکھی تو وہ جلد رہا ہوگا۔



اے صاحب فال تیری یہ فال نہایت ہی مبارک ہے۔ اور اچھی ہے اگر مال کے بارے میں پوچھتا ہے تو مال مشکل سے ملے گا۔ اگر مریض کے بارے میں یہ فال دیکھی ہے تو مریض کیلئے یہ فال نحس ہے۔ مریض ٹھیک نہ ہوگا۔ اگر علم کے حصول کا سوال ہے تو تجھے علم حاصل ہوگا۔ اگر سوال گم شدہ کے بارے میں ہو تو دستیاب نہ ہوگا۔ اگر سوال خرید و فروخت کا ہو تو ٹھیک نہیں ہے۔ اگر تیرا ارادہ کوئی عمل یا وظیفہ پڑھنے کا ہو تو کامیابی ملے گی۔



اے صاحب فال تیری یہ فال نحس ہے۔ اگر سفر کا ارادہ ہے تو سفر بے فائدہ ہوگا۔ اگر سوال مال کا ہے تو مال ہرگز دستیاب نہ ہوگا۔ اگر مریض کے بارے میں پوچھتا ہے۔ تو مریض دیر کے بعد ٹھیک ہوگا۔ اگر ارادہ کسی چیز کے حصول کا ہے تو وہ چیز ہرگز نہ ملے گی۔ اگر فال قیدی کے بارے میں دیکھی ہے تو اسکو دیر کے بعد رہائی ملے گی۔



اے صاحب فال تیری یہ فال اچھی ہے۔ اگر علم کے حصول کا سوال کرتا ہے تو تجھے علم حاصل ہوگا۔ اگر بیمار کے واسطے فال دیکھی تو بیمار کو عرصہ دراز کے بعد شفاء ملے گی۔ اگر اسکی بیماری کا سوال ہے تو مریض پر آسیب ہے۔ اگر کسی کے خط کا انتظار ہے تو جلدی آئیگا۔ اگر سوال نکاح کا ہے تو مبارک ہے۔ اگر تو تسخیر ہمزاد، موکلات کا ارادہ رکھتا ہے تو تجھے کامیابی ملے اگر تو اپنے گھر کے بارے میں پوچھتا ہے تو تیرے گھر میں جادو سحر ہے۔



اے صاحب فال تیری یہ فال اچھی نہیں بری ہے۔ اگر تو سفر کا ارادہ رکھتا ہے تو سفر کرنے سے فائدہ نہ ہوگا۔ اگر قیدی کے بارے میں فال دیکھی ہے تو اسکو رہائی مشکل سے ملے گی۔ اگر بیمار کے بارے میں پوچھتا ہے۔ تو بیمار ٹھیک ہو کر پھر بیمار ہوگا۔ اگر مال کے بارے میں فال دیکھی تو مال ہرگز نہ ملے گا۔ فاقہ کشی میں وقت گزرے۔ اگر دشمنوں کے بارے میں پوچھتا ہے۔ تو دشمن تجھے نقصان دیں گے۔



اے صاحب فال تیری یہ فال نحس ہے۔ اگر بیمار کے بارے میں یہ فال دیکھی ہے تو اس کو شفا نہ ملے گی۔ وہ فوت ہو جائیگا۔ اگر ارادہ سفر کا ہے تو سفر کرنا ٹھیک نہیں ہے۔ اگر کسی چیز کے حصول کے بارے میں فال دیکھی ہے تو وہ چیز مشکل سے ملے۔ اگر سوال مال کے بارے میں ہے تو مال مشکل سے ملے۔ اگر فال قیدی کی رہائی کے بارے میں دیکھی ہے۔ تو وہ عرصہ دراز تک قید میں رہے۔ اگر فال گھر کے بارے میں دیکھی ہے تو تیرے گھر میں کوئی قبر ہے۔ اور تیرا گھر نحس ہے۔



اے صاحب فال تیری یہ فال نحس ہے۔ چوری گیا مال واپس نہ ملے اگر بیمار کے بارے میں فال دیکھی تو اس کو شفا نہ ملے گی۔ اگر سوال دشمن کے بارے میں ہے تو ان سے بچ کر رہو۔ اگر ارادہ سفر کا ہے تو سفر ہرگز نہ ہوگا۔ اگر فال مجرم کے بارے میں ہے تو اسکو سخت سزا ملے۔ اگر تو اپنے گھر کے بارے میں پوچھتا ہے تو تیرے گھر میں دفینہ ہے۔ اگر مال کے حصول کیلئے فال دیکھی ہے تو مال مشکل سے ملے گا۔ اگر قیدی کی رہائی کے بارے میں پوچھتا ہے۔ تو وہ مشکل سے رہا ہوگا۔



اے صاحب فال تیری یہ فال نہایت ہی اچھی ہے اگر تو سفر کے بارے میں جاننا چاہتا ہے تو سفر نہ ہوگا اگر بیمار کے بارے میں سوال ہے اس کو شفا نہ ملے گی۔ اگر یہ فال مال کے حصول کے بارے میں دیکھی ہے تو تجھے مال بہت زیادہ ملے گا اور نفع حاصل ہوگا۔ اگر تو شادی کے بارے میں پوچھتا ہے تو تیری شادی بہت جلد ہوگی۔ اگر قیدی کی رہائی کے بارے میں فال دیکھی ہے تو وہ رہا نہ ہوگا۔ عرصہ دراز تک جیل میں رہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DEMO.VERSION) of CAD-KAS PDF

اے صاحب فال تیری یہ فال مبارک ہے۔ جو کام شروع کرے وہ پورا ہو۔ اگر تو کسی خبر کے بارے میں پوچھتا ہے تو خوشی کی خبر ملے گی اگر معشوقہ کے بارے میں فال دیکھی ہے تو تیری بہت جلد ملاقات ہوگی۔ اگر مال کے بارے میں فال دیکھی ہے تو مال تجھے دیر سے ملے گا۔ اگر تو سفر کا ارادہ رکھتا ہے تو نیک ہے۔ اگر واسطے عورت کے سوال پوچھا ہے کہ حمل ہے یا نہیں تو وہ عورت حاملہ ہے۔

اے صاحب فال تیری یہ فال نہایت ہی مبارک ہے اگر تو سفر کے بارے میں پوچھتا ہے۔ تو سفر نہ ہو۔ اگر حصول مال کے واسطے یہ فال دیکھی ہے تو تجھے مال دستیاب ہوگا۔ اگر یہ فال بیمار کے واسطے دیکھی ہے تو اسکو شفاء دیر سے ملے گی۔ اگر سوال شادی کا ہے تو شادی ہو جائے گی۔ اگر یہ فال کسی دوست کے ملاقات کیلئے دیکھی ہے تو تیری ملاقات ہوگی۔

اے صاحب فال تیری یہ فال نحس ہے۔ اگر قیدی کے بارے میں یہ فال دیکھی ہے تو وہ جلد رہا ہوگا۔ اگر مریض کے بارے میں دیکھی ہے تو اس کو شفا ملے گی۔ اگر اسکی بیماری کا سوال ہے تو اسکو آسیبی مرض ہے۔ اگر تیرا سفر کے بارے میں ارادہ ہے تو وہ پورا ہوگا۔ اور فائدہ حاصل ہوگا۔ اگر حصول مال کا سوال ہے تو مال دستیاب نہ ہوگا۔

اے صاحب فال تیری یہ فال نہایت ہی مبارک اور اچھی ہے تو جو ارادہ کرے۔ وہ پورا ہوا گر تو نے یہ فال کسی چیز کے حصول کے بارے میں دیکھی ہے تو وہ چیز بہت جلد ملے گی۔ اگر سوال شادی کا ہے تو شادی ہو جائے گی۔ اگر ارادہ سفر کے بارے میں ہے تو سفر نہ ہوگا۔ اگر قیدی کی رہائی کے بارے میں فال دیکھی ہے تو وہ دیر تک قید میں رہے۔ اگر کسی کے ملاقات کے بارے میں یہ فال دیکھی ہے تو ملاقات ہوگی۔ اگر مریض کے بارے میں سوال ہے تو مریض کو دیر کے بعد شفاء ملے گی۔

اے صاحب فال تیری یہ فال نہایت ہی مبارک ہے۔ ہر کام کیلئے سعد ہے۔ جو تیرے دل کی مراد ہو وہ پوری ہوگی۔ اگر سوال مال کا تو مال دستیاب ہوگا۔ اگر سوال حصول علم کا ہے تو علم حاصل ہوگا۔ اگر مریض کے بارے میں سوال ہے تو اسکو مرض روحانی ہے۔ دیر سے شفاء پائیگا۔

اے صاحب فال تیری یہ فال بعض کاموں کیلئے سعد ہے۔ بعض کیلئے نحس اگر یہ فال اپنے گھر کے بارے میں دیکھی ہے تو تیرے گھر میں جادو سحر مدفون ہے۔ اگر ارادہ سفر کا ہے تو نیک نہیں ہے۔ اگر یہ فال کاروبار کے بارے میں دیکھی ہے تو تیرا کاروبار جادو سحر کی وجہ سے بند ہے۔ اگر بیمار کے بارے میں سوال ہے تو اسکو آسیب ہے۔ دیر سے شفاء ملے گی۔

علم رمل سیکھیے

قارئین کی پرزور فرمائش پر علم رمل بذریعہ ڈاک سکھلانے کا انتظام کیا گیا ہے۔ خواہش مند حضرات جوابی لفافہ کے ہمراہ رابطہ کریں۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cadkas.com)

اصول وقواعد احکام نقطہ

جب نقطہ حکم کا میزان سے متحرک ہو کر کسی شکل پر انتباہ پاوے تو دیکھنا چاہیے کہ کس کس عنصر کے نقاط موجود ہیں۔ اور اس مرکز میں کس عنصر کے نقاط زبردست ہیں اس صورت میں خواہ مقصد سائل کا کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ حکم اس طرح کیا جاتا ہے۔

اگر نقطہ آتش زبردست وقوی ہو تو	دلیل صحت نفس سائل کی ہے۔
اگر نقطہ باد کا زبردست وقوی ہو تو	دلیل حصول مال کی ہے۔
اگر نقطہ آب کا زبردست وقوی ہو تو	دلیل سفر وحصول مراد عزیز واقارب سے ہے۔
اگر نقطہ خاک کا زبردست وقوی ہو تو	جمع امورات کی عاقبت میں نیکی وبہتری کا ظہور ہو۔



مثال: مثالی زائچے میں نقطہ حکم آپ کا ہے اسکو حرکت دی جو کہ سیر کرتا ہوا خانہ ہفتم میں منتہی ہوا اس خانہ میں شکل اجتماع ∴ ہے نقطہ باد اور آب کا ہے دونوں نقاط قوی ہیں۔

اصول وقواعد احکام نقطہ

زائچہ رمل میں پندرھویں خانے کو میزان الرمل کہتے ہیں اس میں جو اشکال آتی ہیں

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.cadkas.com)

ان میں دو نقاط (فرد) ہوتے ہیں ان میں سے ایک نقطہ ضمیر کا ہوتا ہے۔ دوسرا نقطہ حکم کا ہوتا ہے۔ نقطہ حکام کا زائچہ میں دائیں یا بائیں حرکت کرتا ہے۔ اگر یہ نقطہ دائیں طرف حرکت کرے تو یہ سعادت کی دلیل ہے۔ سائل جس کام کا ارادہ کرے وہ پورا ہو۔ اسکے برعکس اگر نقطہ بائیں طرف حرکت کرے تو یہ حد درجہ نحوست کی علامت ہوتی ہے۔

سائل کا جو بھی ارادہ یا مقصد ہو وہ کبھی پورا نہ ہو۔ جب یہ نقطہ کسی شکل پر منتہی ہوتا ہے تو سب سے پہلے دیکھو کہ نقطہ اس جگہ پر زوج تو نہیں ہوا۔ اگر نقطہ زوج ہوا ہے تو حکم مطلق نحوست و ناکامی کا جانو!

کارِ خیر کے کاموں کیلئے نقطے کا زوج ہونا بد و ناقص ہے۔ رہائی، محبوس و شفائے امراض و زائیدن حاملہ میں نقطے کا زوج ہونا دلیل بہتری کی ہے۔

مثال: اس زائچے کے خانہ میزان میں شکل نصرۃ الخارج ⚊ ہے اس میں نقطہ باد حکم کا ہے۔ نقطہ باد کو حرکت دی جو کہ بائیں طرف حرکت کرتا ہوا خانہ ششم کی شکل طریق ⁞ پر منتہی ہوا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ نقطہ اس جگہ پر زوج ہوا ہے۔ یا کہ قائم رہا۔ اسکے لئے ہم شکل طریق کو خانہ ششم کی شکل دائرہ ابدح کی روس ضرب دیں گے۔ ⁞ X ☲ = ☲ دیکھو ضرب سے یہ نقطہ زوج ہو گیا ہے۔ اور یہاں پر نقطے کی روحانیت ختم ہو گئی ہے۔



اصول و قواعد احکام نقطہ

مثال نمبر۲: اس زائچے میں دیکھو میزان میں شکل قبض الداخ ☲ ہے اس میں نقطہ خاک حکم کا ہے نقطہ خاک کو حرکت دی۔ جو کہ دائیں طرف سیر کرتا ہوا خانہ دوئم کی شکل قبض الداخل پر منتہی ہوا۔ اب دیکھیں گے کہ یہاں پر نقطہ زوج ہوا یا کہ قائم رہا۔ اس کے لئے خانہ دوئم کی شکل کو خانہ دوئم کی شکل سے ضرب دیں گے۔ ☲ X ☲ = ☰ معلوم ہوا کہ نقطہ زوج نہیں ہے۔



نکتہ:

جب نقطہ مقصد زائچے میں موجود نہ ہو تو اسے در باطن تلاش کیا جاتا ہے۔ اگر نقطہ در باطن میں بھی موجود نہ تو حکم قطعی نحوست و مایوسی کا ہوتا ہے۔ نقطہ در باطن تلاش کرنکا قاعدہ یہ کہ اشکال زائچہ کو بحوجب دائرہ ابدح اس طرح ضرب دیتے ہیں کہ جو شکل خانہ اول میں ہو تو اسے دائرہ ابدح کی شکل ⚌ سے دوم کو شکل ☳ سے سوئم کو شکل ⚊ سے چہارم کو شکل ☲ سے اسطرح آخر تک ضرب دیکر نقطہ در باطن تلاش کیا جاتا ہے۔

اگر نقطہ در باطن اضراب سے کہیں پیدا نہ ہو تو حکم قطعی ناکامی و مایوسی کا ہوتا ہے۔

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DemoKas.com)



جدول استخراج مدت

شکل	مدت								
امیات	یوم	۲۹یوم	۸یوم	۶یوم	۱۲یوم	۹یوم	۶یوم	۱یوم	۴یوم
بنات	ماہ	۵ماہ	۱ماہ	۱۰ماہ	۲ماہ	۵ماہ	۱۰ماہ	۱۰ماہ	۶ماہ
متولدات	سال	۴سال	۱سال	۱سال	۱۲سال	۵سال	۱سال	۴سال	۲۱۱سال

Changed with the DEMO VERSION of CAD-KAS PDF Editor (http://www.DEMO-VERSION of CAD-KAS PDF Editor)





مصنف

جناب ملازم حسین

(ماہر روحانیات)

ترتیب و تشکیل

جناب ضیاء الرحمٰن چوہان

کرشمۂ رمل

مصنف: جناب ملازم حسین

کتب خانہ شانِ سلام

حضرت عباسؓ فرماتے ہیں

کہ میں نے ایک دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ میں نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ بیٹھا ہوا ریت پر خط کھینچ رہا ہے اور لوگ اسے جھٹلاتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا کہ یہ علم ایک پیغمبر پر نازل ہوا تھا۔

پس جو شخص اس پیغمبر کے عمل کے موافق اس علم کا استعمال کرے تو درست ہوگا۔

کُتب خانہ شانِ سلام

راحت مارکیٹ چوک اُردو بازار لاہور ٹاؤن، 7351120